لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ

سحر

لاہور

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعرات 17 ستمبر 2026ء 1448ھ 4 ربیع الثانی 3 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 235

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

55. کیا تم اپنی نفسانی خواہش پوری کرنے کے لئے عورتوں کو چھوڑ کر مَردوں کے پاس جاتے ہو بلکہ تم جاہل لوگ ہو. 56 تو ان کی قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ وہ کہنے لگے: تم لوط کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکال دو (سورۃ البقرہ)

حرمین الشریفین کے تحفظ کیلئے پوری قوم سعودیہ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

وزیر اعظم

پاکستان کے عوام اس اشتعال انگیز اور افسوسناک اقدام پر دکھی اور شدید تشویش میں مبتلا ہیں، اس قابلِ مذمت اور ناقابلِ معافی کارروائی کے نتیجے میں ہمارے دلوں میں جو گہرا دکھ، کرب اور اضطراب پیدا ہوا ہے، اسے بیان کرنے کے لیے الفاظ ناکافی ہیں

تمام فریقین سے زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ اور مزید کشیدگی کے دہانے سے پیچھے ہٹنے کی اپیل کرتا ہوں، وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کا سوشل میڈیا پر بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے مکہ المکرّمہ پر ڈرون حملے کی گھناؤنی کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت اور اسے ناقابل معافی قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ حرمین الشریفین کے تحفظ کیلئے پوری قوم سعودیہ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ مسجدِ حرام، مکہ المکرّمہ کے مقدس مقام پر ہونے والے بزدلانہ اور گھناؤنے ڈرون حملے کی کوشش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف سے فرانسیسی سبکدوش ہونے والے سفیر نکولس گیلی ملاقات کر رہے ہیں

27 ستمبر لانگ مارچ سے قبل پی ٹی آئی رہنماؤں کو ہراساں اور گرفتار نہ کرنے کا حکم

دوران سماعت شعیب شاہین نے مؤقف اختیار کیا کہ لانگ مارچ سے قبل ایک مرتبہ پھر گرفتاریاں اور چھاپے شروع ہو گئے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 27 ستمبر لانگ مارچ سے قبل پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں کو ہراساں اور گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا، عدالت نے شعیب شاہین، ملک عامر علی اور دیگر کو ہراساں اور گرفتار کرنے سے روک دیا۔ 27 ستمبر کے لانگ مارچ سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

پاکستان کا حوثی حملوں کے خلاف سعودی دفاعی اقدامات کی مکمل حمایت کا اعلان

پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور سلامتی کی حمایت کرتا ہے، باب المندب میں حملوں سے دنیا کی معیشت متاثر ہوگی، عاصم افتخار

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان حوثی حملوں کے خلاف سعودی عرب کے دفاعی اقدامات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتا ہے۔ پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے یمن کی صورتحال پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب میں سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے یمن کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

اہم خبریں

وزیر اعظم کی پمز ہسپتال سانحہ کی انکوائری رپورٹ کی روشنی میں مجوزہ اقدامات کو تین ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پمز ہسپتال میں فائر سیفٹی سمیت نظام کی بہتری، اسے بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور انکوائری رپورٹ کی روشنی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

پانڈا بانڈ پاکستان اور چین کے دیرینہ تزویراتی تعلقات کے مالیاتی پہلو کو مضبوط بنانے کا باعث بنے گا، وزیر خزانہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کا پہلا پائیدار ساورن پانڈا بانڈ چین کی دنیا کی دوسری بڑی اور گہری کیپٹل مارکیٹ تک رسائی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

حوثیوں کی طرف سے مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش دوسری مرتبہ کی گئی ہے، حوثی باغیوں کے خلاف ضروری اقدامات کیے جائیں گے

مکہ مکرمہ کی فضائی حدود میں داخل ہونے کی کوشش کرنیوالا حوثی ڈرون تباہ

عسکری اتحاد کے ترجمان نے حوثیوں پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے دنیا بھر سے مکہ میں آنے والے لاکھوں مسلمان زائرین میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوشش کی ہے، اتحادی افواج کی مشترکہ کمان حوثی ملیشیا اور اس کے دہشت گردانہ رویے کے خلاف ضروری اقدامات کرنے میں کسی قسم کی ہچکچاہٹ کا مظاہرہ نہیں کریگی

جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ سعودی فضائی دفاع نے مکہ مکرمہ کی فضائی حدود میں داخل ہونے کی کوشش کرنے والے حوثی ڈرون کو تباہ کر دیا ہے۔ سعودی فوجی اتحاد کے مطابق یہ واقعہ یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے بڑی اور سنگین پیشرفت ہے، مقدس مقامات کا تحفظ سرخ لکیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حوثیوں کی طرف سے مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش دوسری مرتبہ کی گئی ہے، حوثی باغیوں کے خلاف ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ یمن کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حکومت کے لیے قائم عسکری اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی کا دعویٰ ہے کہ سعودی عرب کی فضائی دفاعی فوج نے یمن کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

آٹو پالیسی کے مسودے کو جلد حتمی شکل دینے کیلئے روزانہ اجلاس کا فیصلہ

آٹو اور آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی 31-2026 کو وزیر اعظم کی منظور کردہ پالیسی ترجیحات سے ہم آہنگ رکھا جائے گا، اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت آٹو اور آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی 2026-31 سے متعلق میٹنگ نے پالیسی کے مسودے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

پرائیویٹ حج سکیم، 11 ہزار 6 سو عازمین کی بکنگ مکمل، 60 ہزار نشستیں باقی

پرائیویٹ حج سکیم کے تحت بکنگ نشستوں کی دستیابی تک یا 20 نومبر 2026 تک جاری رہے گی، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پرائیویٹ حج سکیم 2027 کے تحت حج پورٹل کے ذریعے 11 ہزار 600 عازمین کی بکنگ مکمل ہوگئی جبکہ 60 ہزار حج نشستیں تاحال دستیاب ہیں۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

پاکستان میں ہونیوالی دہشتگردی میں افغان سرزمین استعمال ہو رہی ہے، طلال چودھری

بہت سے لوگ ان سرگرمیوں کو اپنا کاروبار قرار دیتے ہیں، تاہم حکومت انہیں 'ٹیرر کرائم' سمجھتی ہے، اس نیٹ ورک میں گاڑیوں کی اسمگلنگ، منشیات کا کاروبار، غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات اور اسلحے کی فراہمی شامل ہے

اس وقت بھی واضح کیا گیا تھا کہ جماعت کو انتہائی ذمہ داری کے ساتھ دستیاب شواہد کی بنیاد پر کالعدم قرار دیا گیا، جن کی تحقیقات جاری ہیں اور اس حوالے سے بہت سی چیزیں سامنے آ چکی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری کا کہنا ہے کہ پاکستان میں ہونے والی دہشتگردی میں افغان سرزمین استعمال ہو رہی ہے۔ وزیر مملکت برائے داخلہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

پاکستان اور صومالیہ کے درمیان ڈیجیٹل گورننس میں تعاون مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، چیئرمین سینیٹ

ای آفس اور دیگر ڈیجیٹل پارلیمانی اقدامات کے ذریعے ایوانِ بالا بتدریج پیپرلیس ای پارلیمنٹ کی جانب بڑھ رہا ہے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ڈیجیٹل گورننس، بنیادی شناختی نظام، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر کے شعبوں میں پاکستان اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: وفاقی وزیر مصدق ملک سے نیپال کی سفیر ملاقات کرتے ہوئے

کسی حملے کا ردِعمل کیا ہو گا مکہ معاہدے میں شامل ممالک لائحہ عمل طے کرینگے

ڈی جی آئی ایس پی آر

پاکستان نہ صرف اپنا مؤثر دفاع کرنے کی اہلیت رکھتا ہے بلکہ جارحیت کی صورت میں جواب دینے اور سزا دینے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

دنیا میں دفاع سے متعلق دیگر معاہدے بھی موجود ہیں جن میں رکن ممالک ایک دوسرے کو تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانیاں کراتے ہیں، مکہ معاہدے کے تحت عملی کارروائی کی تفصیلات بھی سکیورٹی اور فوجی معاملات کا حصہ ہیں

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے کے کسی ایک فریق پر بھی حملہ ہوا تو تینوں ممالک مشترکہ فیصلہ کریں گے۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

پی ایم فیول ریلیف سکیم کے دوسرے دن بھی وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ کے پیٹرول پمپس کے اچانک دورے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ایم فیول ریلیف سکیم کے دوسرے دن بھی وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے پیٹرول پمپس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

جدید طریقہ کاشت کے ذریعے معیاری آلو کے بیج کی پیداوار پاکستان کی غذائی ضروریات پوری کرنے میں معاون ثابت ہوگی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاکستان میں بیماریوں سے پاک اور معیاری آلو کے بیج کی مقامی پیداوار بڑھانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

تاجر دوست آسان ٹیکس سکیم، رجسٹریشن کیلئے ایف بی آر کو اہداف مقرر

تمام بڑے شہروں میں فیلڈ آفسز کو تاجروں کی رجسٹریشن کی ذمہ داری سونپ دی گئی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تاجر دوست آسان ٹیکس سکیم کے تحت تاجروں کی رجسٹریشن کا عمل تیز کرنے کے لیے ایف بی آر کے فیلڈ آفسز کو اہداف مقرر کر دیے گئے ہیں، تمام بڑے شہروں میں فیلڈ آفسز کو تاجروں کی رجسٹریشن کی ذمہ داری سونپ دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر فیلڈ آفسز تمام بڑے شہروں میں سنٹر قائم کر کے تاجروں کی رجسٹریشن کریں گے، جبکہ آسان ٹیکس اسکیم کے تحت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے امریکی وفد رابرٹ بریٹ ویلیکوئچ ملاقات کرتے ہوئے

وزیر اعظم سے سبکدوش ہونے والے فرانسیسی سفیر کی الوداعی ملاقات

وزیر اعظم نے سفیر نکولس گالے کے لیے مستقبل کی ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے فرانس کے پاکستان میں سبکدوش ہونے والے سفیر نکولس گالے کو الوداعی ملاقات کی جس میں علاقائی اور عالمی امور پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

نام نہاد سیکولر بھارت کا پردہ چاک؛ مسلم سرکاری افسران بھی ہندوتوا کے نشانے پر آ گئے

بھارت میں مذموم سیاسی عزائم کے لیے نفرت و تقسیم اور مسلمانوں سمیت دیگر اقلیتوں پر مظالم بی جے پی کا پرانا ہتھکنڈا ہے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) نام نہاد سیکولر بھارت کا پردہ چاک ہو گیا، جہاں مسلم سرکاری افسران بھی ہندوتوا انتہا پسندوں کے نشانے پر آ گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہندوتوا کے زیر اثر بھارت میں مسلمانوں کے خلاف تعصب اپنی انتہا پر پہنچ چکا ہے، اور اب سرکاری افسران کو بھی ہراسانی و (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

افغانستان سے دہشتگردی کا بڑھتا خطرہ؛ وسطی ایشیا کے دفاع کیلئے مشترکہ فوجی مشقیں، قازقستان میں فوجی مشقوں کا مقصد افغانستان سے عسکریت پسندوں کی دراندازی کا خاتمہ اور سرحدی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا ہے، رپورٹ

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان سے دہشت گردی کے بڑھتے خطرے کے پیش نظر وسطی ایشیا کے دفاع کے لیے مشترکہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

چیئرمین سی ڈی اے کا ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ، جاری ترقیاتی اور اپ لفٹنگ کے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے ڈپلومیٹک انکلیو کا تفصیلی دورہ کیا اور علاقے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

اوورسیز پاکستانیوں کا تحفظ نئی نسل کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے، مریم نواز شریف

ماحولیاتی تحفظ ہماری ذمہ داری ہی نہیں بلکہ عبادت بھی ہے، پہلی مرتبہ پنجاب میں گرین فیوچر کے لیے جامع ماحولیاتی پالیسی نافذ کی گئی ہے

ماحولیات کے تحفظ کے لیے اڑھائی سال میں اتنا کام ہوا جتنا کئی دہائیوں میں نہیں ہو سکا، پنجاب سرسبز و شاداب مستقبل کی طرف بڑھ رہا ہے اور محفوظ ماحولیاتی مستقبل کا سفر اب نہیں رکے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانیوں کا تحفظ نئی نسل کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے۔ وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

نواز شریف نے ڈاکٹر نجیب نقی خان کو صدر آزاد کشمیر کا امیدوار نامزد کر دیا

19 ستمبر کو کاغذات نامزدگی جمع ہوں گے، آزاد کشمیر کے صدر کا انتخاب 24 ستمبر کو ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف نے ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان کو آزاد ریاست جموں و کشمیر کے صدر کے منصب پر امیدوار نامزد کر دیا۔ پنجاب کے سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ نواز شریف نے ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان کو صدر آزاد جموں و کشمیر کے عہدے کے لئے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جماعت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے بھارت کے لیے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کر دی، اس سلسلے میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

صدر مملکت آصف علی زرداری نے اہم سمریوں کی منظوری دے دی

پمز ہسپتال کی اسٹاف نرس رضیہ نورین کو تمغہ شجاعت دینے کی بھی منظوری

پمز میں آتشزدگی کے واقعے کے دوران اپنی جان خطرے میں ڈال کر واحد زندہ بچنے والے بچے کو بحفاظت باہر نکال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اہم سمریوں کی منظوری دے دی۔ اعلامیہ کے مطابق منظور شدہ سمریز میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فوک اینڈ ٹریڈیشنل ہیریٹیج (لوک ورثہ) ترمیمی بل 2026، سٹینڈرڈ ٹائم (تشریح حوالہ جات) ترمیمی بل 2026، آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف یورولوجی (AFIU) راولپنڈی کی ٹیبل آف آرگنائزیشن اینڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

سی سی پی او اور نیب کے مابین ادارہ جاتی تعاون اور استعداد کار بڑھانے کے لیے ضمنی معاہدے (ایڈنڈم) پر دستخط

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) اور قومی احتساب بیورو (نیب) نے نیب ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں، 14 مئی 2025ء کو کئے گئے باہمی مفاہمت نامے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

کراچی: خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو سے یونائیٹڈ نیشنل ورلڈ فوڈ پروگرام کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

عمران خان کی ہسپتال منتقلی کا کیس آئینی عدالت کیسے کیس سن سکتی؟

سپریم کورٹ نے اٹارنی جنرل سے معاونت طلب کر لی

اٹارنی جنرل آ جائیں پھر سب کو سنیں گے، ایڈیشنل اٹارنی جنرل رانا اسد نے عدالت کو بتایا کہ وفاقی آئینی عدالت نے کل حکم نامہ جاری کیا ہے، جسٹس شاہد وحید

عدالت نے 18 اگست کے آرڈر میں سرکاری افسران کو طلب کیا تھا، لیکن کوئی پیش نہیں ہوا، کیا افسران کا پیش نہ ہونا حکم عدولی نہیں؟

اسلام آباد: (دنیا نیوز) سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی الشفا ہسپتال منتقلی کے کیس میں وفاقی آئینی عدالت کے آرڈر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

وفاقی حکومت کا بجلی کے ٹرانسفارمر کو آن آف کرنے کا سسٹم لانے کا فیصلہ

نئے نظام سے پورے فیڈر کو بند کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی، وزیر توانائی اویس لغاری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی حکومت نے بجلی کے ٹرانسفارمر کو آن آف کرنے کا سسٹم لانے کا فیصلہ کر لیا۔ اس حوالے سے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ نئے نظام سے پورے فیڈر کو بند کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی، جس ٹرانسفارمر پر چوری ہو گی صرف اسے بند کیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ ایک نیا کانسپٹ ہے جو پوری دنیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

چیئرمین سینیٹ نے دو ملازمین کے لئے مفت حج کی قرعہ اندازی کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سینیٹر عامر ولی الدین چشتی کی جانب سے سینیٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

چین پاکستان میں جدید طرز کے لاانفورسمنٹ سینٹر کے قیام میں تعاون کریگا، وزیر داخلہ اور چینی نائب وزیر پبلک سکیورٹی کے مابین ملاقات میں اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے چین کے نائب وزیر پبلک سکیورٹی گاوچی نے بدھ کو یہاں ملاقات کی جس میں پاک۔ چین دوطرفہ تعلقات، انسدادِ دہشت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ کے حوالے سے واضح پالیسی کا فوری اعلان کرے، مولانا فضل الرحمٰن

مکہ مکرمہ پر حوثیوں کا حملہ پورے عالم اسلام پر حملہ تصور ہوگا، مکہ مکرمہ صرف ایک شہر نہیں کروڑوں اربوں مسلمانوں کی عقیدتوں کا مرکز ہے، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ کے حوالے سے واضح پالیسی کا فوری اعلان کرے، مکہ مکرمہ پر حوثیوں کا حملہ پورے عالم اسلام پر حملہ تصور ہوگا، مکہ مکرمہ صرف ایک شہر نہیں بلکہ کروڑوں اربوں مسلمانوں کی عقیدتوں کا مرکز ہے، خاکم بدہن اگر یہ حملہ ہوا تو بدبخت حملہ آور عالم اسلام کے غیض وغضب سے نہیں بچ پائیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل و آرمی چیف سید عاصم منیر سے امریکی وفد کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات، خطے کی صورتحال پر گفتگو

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے امریکی وفد کی ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

سمیڈا چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں، کاروباری حضرات کی مالی معاونت کیلئے جامع حکمت عملی وضع کرے، وزیر اعظم کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ سمیڈا ملک کے طول و عرض میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور کاروباری حضرات کی مالی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

فیول اسکیم کا حصہ نہیں بنیں گے، زبردستی کرنے پر پیٹرول پمپس بند کر دیں گے، پی پی ڈی اے

فیول ریلیف کا اقدام قابل تعریف ہے لیکن ہمیں اس اسکیم کے طریقہ کار پر اعتراض ہے، چیئرمین ملک خدا بخش

تاحال حکومت نے اس بارے میں کچھ واضح نہیں کیا، ڈیلرز کو بتایا جائے ڈیلرز کو سبسڈی کون ادا کرے گا

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن (پی پی ڈی اے) نے اعلان کیا ہے کہ سبسڈی شدہ رقم کی ادائیگی کے طریقے کی وضاحت تک ڈیلرز فیول اسکیم کا حصہ نہیں بنیں گے، اگر زبردستی کی گئی تو پیٹرول پمپ اسٹیشنز بند کر دیں گے۔ ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک خدا بخش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

وزیر خرجہ کی مکہ ریجن کی طرف ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت

پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ کے لئے سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، اسحٰق ڈار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحٰق ڈار نے مکہ ریجن کی طرف ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ کے لئے سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ بدھ کو ایکس پر اپنے ایک بیان میں نائب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

موسمیاتی موافقت کی پالیسیاں عوام کی مؤثر شمولیت کے ساتھ تشکیل دی جانی چاہئیں، سپیکر قومی اسمبلی

کانفرنس ہال میں بھارتی مندوبین بڑی تعداد میں موجود تھے، بھارتی مندوبین پورے انہماک سے خطاب سنتے رہے

اسلام آباد، (عباس ملک سے) جنوبی افریقہ کے دارالحکومت کیپ ٹاؤن سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کیپ ٹاؤن میں 69 ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں پارلیمانی قیادت کے کردار کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

ساہیوال: کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جاری ترقیاتی سکیموں پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور منصوبوں کو ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے، کمشنر ساہیوال

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق تمام جاری سکیموں پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور انہیں مقررہ وقت تک مکمل کیا جائے تاکہ شہری اس سے مستفید ہو سکیں۔ وہ یہاں چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سے اندرون جنرل بس سٹینڈ، بیرون لاری اڈا اور زیر تعمیر سلاٹر ہاؤس سمیت جاری ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ لے رہے تھے۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ زیر تعمیر سلاٹر ہاؤس کو جلد مکمل کر کے فنکشنل کیا جائے تاکہ شہریوں کو اس منصوبے کے ثمرات حاصل ہو سکیں۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل کی خصوصی توجہ اور کاوشوں کے نتیجے میں مذبحہ خانہ نوشہرہ کے انتظامات اور حالت میں نمایاں بہتری آ گئی

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل کی خصوصی توجہ اور کاوشوں کے نتیجے میں مذبحہ خانہ نوشہرہ کے انتظامات اور حالت میں نمایاں بہتری آ گئی ہے تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ کی جانب سے مذبحہ خانہ کی صفائی ستھرائی اور انتظامی معاملات کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ان حالیہ اقدامات کے باعث مذبحہ خانہ کے داخلی راستے صفائی کے نظام اور مجموعی ماحول میں واضح تبدیلی اور بہتری نظر آ رہی ہے اسسٹنٹ کمشنر عمار انور نے خود موقع پر پہنچ کر تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے حفظان صحت کے اصولوں کی سخت پابندی اور مذبحہ خانہ کو مکمل طور پر صاف ستھرا رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے زور دیا کہ شہریوں کو صحت مند، پاک اور معیاری گوشت کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور اس سلسلے میں صفائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

گیمبر سروس روڈ گیمبر پولیس چوکی کے قریب بنے ہوٹلز مالکان نے سروس روڈ پر ناجائز تجاوزات قائم کر لیں

گیمبر اوکاڑہ کینٹ (رانا عبدالستار بھٹی) گیمبر سروس روڈ گیمبر پولیس چوکی کے قریب بنے ہوٹلز مالکان نے سروس روڈ پر ناجائز تجاوزات قائم کر دی گزرنا محال سروس روڈ پر صفائی کی آڑ میں پانی سروس روڈ پر چھوڑ دیا جاتا ہے جس سے سروس روڈ مکمل طور پر ٹوٹ پھوٹ کا شکار صبح کے وقت سٹوڈنٹس کو اور وہاں سے گزرنے والوں کو دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہاں سے بڑی گاڑی گزرنے سے ساتھ پیدل یا موٹر سائیکل سوار پر گندے پانی کے چھینٹے پڑنے سے گزرنے والوں اور سٹوڈنٹس کے کپڑے خراب ہو جاتے ہیں بارہا ٹائم ان کو روکنے کے باوجود ان کی ہٹ دھرمی برقرار عوام نے مقامی انتظامیہ گیمبر اور کینٹونمنٹ بورڈ کے سی ای او۔ ساہیوال سٹھرا۔ پنجاب کے اعلیٰ حکام اور پیرا فورس سے ناجائز تجاوزات ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے اور سروس روڈ پر پانی چھوڑنے پر ہوٹل مالکان پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

ملزمان نے اسلحہ آتشین سے فائرنگ کر دی، فائرنگ کی زد میں آ کر ایک کمسن بچہ اور ایک شخص شدید زخمی

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں بدورتہ روڈ پر فائرنگ، RIF میں نامزد ملزمان نے بچے سمیت 2 افراد کو زخمی کر دیا گزشتہ روز تقریباً 4 اور 5 بجے کے درمیان بدورتہ روڈ نوشہرہ ورکاں پر انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا ایف آئی آر کے مطابق نامزد ملزمان نے اسلحہ آتشین سے فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کی زد میں آ کر ایک کمسن بچہ اور ایک بڑا شخص شدید زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ تصویر میں زخمی بچے کو دیکھا جا سکتا ہے۔ تھانہ نوشہرہ ورکاں پولیس نے واقعہ کا مقدمہ نمبر 1375/26 درج کر لیا ہے اور سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے کارروائی شروع کر دی ہے۔ مزید تفصیلات RIF میں پڑھی جا سکتی ہیں سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کس طرح ایک لڑکا فائرنگ کر رہا ہے اور ایک لڑکے کے ہاتھ میں شیشے کی بوتل پکڑی ہوئی ہے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

ظہیر عباس کو پاکستان مساوات میڈیا کونسل رجسٹرڈ کا وائس چیئرمین پنجاب مقرر ہونے پر مبارکباد کا سلسلہ جاری وساری

چیچہ وطنی سے ہمارے کرائم رپورٹر عمران ندیم شاہ سے بہت ہی پیارے بھائی ظہیر عباس کو پاکستان مساوات میڈیا کونسل رجسٹرڈ کا وائس چیئرمین پنجاب مقرر ہونے پر مبارکباد کا سلسلہ جاری وساری ہے پاکستان مساوات میڈیا کونسل رجسٹرڈ کی مرکزی باڈی سمیت صحافی برادری کی کثیر تعداد نے مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ ظہیر عباس اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صحافیوں کو درپیش مسائل سے نکالنے کیلئے اپنا بہترین کردار ادا کرتے رہیں گے۔

انجمن تاجران رینالہ خورد کی پریس کانفرنس "اسسٹنٹ کمشنر صائمہ نذیر کو معطل کر کے تحقیقات کا مطالبہ

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) انجمن تاجران رینالہ خورد کی پریس کانفرنس "اسسٹنٹ کمشنر صائمہ نذیر کو معطل کر کے تحقیقات کا مطالبہ" پٹواریوں کے بعد ویژن کو بھی نقصان پہنچا رہی ہیں تفصیلات کے مطابق مرکزی انجمن تاجران کے عہدیداران چوہدری شوکت رسول۔ چوہدری ندیم اکرم۔ سرفراز انجم۔ آصف مون

بھٹی۔ چوہدری عابد۔ رانا ظہیر احمد۔ چوہدری سعید و دیگر تاجروں نے بھی اے سی رینالہ پر سرعام کرپشن کے الزامات عائد کر دیئے "اسسٹنٹ کمشنر مریم نواز کے نے پریس کانفرنس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

ساہیوال پریس کلب کے ترقیاتی کاموں کا جائزہ، بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم کا دورہ

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال کی خصوصی ہدایت پر بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے ساہیوال پریس کلب کا دورہ کیا اور پریس کلب میں درکار مختلف ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا دورے کے موقع پر صدر ساہیوال پریس کلب رانا جاوید نثار نے بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم کو پریس کلب میں مطلوبہ ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور مختلف ضروریات سے آگاہ کیا اس موقع پر سابق چیئرمین پریس کلب چوہدری محمد اشرف، سابق فنانس سیکرٹری راؤ عتیق، جوائنٹ سیکرٹری میاں رمضان، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری سلیم کاٹھیا، سابق سینئر نائب صدر میاں وسیم احمد، آصف وصلی، ولسن رضا، ڈاکٹر آصف رشید سمیت دیگر صحافیوں اور پریس کلب کے عہدیداران نے بھی اپنی تجاویز پیش کیں شرکاء نے پریس کلب کی عمارت اور صحافتی سرگرمیوں کے حوالے سے درکار سہولیات اور ترقیاتی کاموں پر گفتگو کرتے ہوئے مختلف تجاویز بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم کے سامنے رکھیں اس موقع پر صدر پریس کلب رانا جاوید نثار نے امید ظاہر کی کہ ڈپٹی کمشنر ساہیوال سمیع اللہ فاروق کی خصوصی توجہ اور ہدایت کے تحت پریس کلب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

سی ای او ہیلتھ گوجرانوالہ ڈاکٹر عمر شریف راٹھور کو تبدیل کر کے ڈاکٹر فرجاد بٹ کو سی ای او ہیلتھ گوجرانوالہ مقرر کر دیا گیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) سی ای او ہیلتھ گوجرانوالہ ڈاکٹر عمر شریف راٹھور کو تبدیل کر کے ڈاکٹر فرجاد بٹ کو سی ای او ہیلتھ گوجرانوالہ مقرر کر دیا گیا۔ ڈاکٹر عمر شریف راٹھور کی تعیناتی کے دوران وزیر آباد سمیت ضلع کے مختلف ہسپتالوں میں طبی سہولیات اور انتظامی امور میں بہتری دیکھنے میں آئی، جس پر شہری حلقوں کی جانب سے ان کی کارکردگی کو سراہا گیا۔ ڈاکٹر عمر شریف راٹھور کا شمار محکمہ صحت کے تجربہ کار افسران میں کیا جاتا ہے۔ ان کی تبدیلی کے بعد ڈاکٹر فرجاد بٹ کی بطور سی ای او ہیلتھ گوجرانوالہ تعیناتی کو بھی اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ ڈاکٹر فرجاد بٹ اس سے قبل شیخوپورہ، حافظ آباد اور ضلع گوجرانوالہ میں بھی سی ای او ہیلتھ کے فرائض انجام دے چکے ہیں، جس کے باعث انہیں ضلع کے انتظامی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سیموئیلنس	1122
ایمبولینس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	9921211
موٹروے پولیس	130
وفاقی پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری، سٹیزن سیل	99213100
پولیس ہیلپ لائن	99202881
ایمرجنسی شکایت سنٹر	111-000-118
سول کیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
ڈی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

مرکزی انجمن تاجران ساہیوال کی نومنتخب باڈی کی حلف برداری، ایم پی اے قاسم ندیم نے عہدیداران سے حلف لیا

گیمبر اوکاڑہ کینٹ: (نمائندہ خصوصی) مرکزی انجمن تاجران ساہیوال رجسٹر کی نومنتخب باڈی کی حلف برداری کی پروقار تقریب مقامی مارکی میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ایم پی اے قاسم ندیم تھے، جنہوں نے مرکزی انجمن تاجران ساہیوال کی نومنتخب باڈی کے عہدیداران سے حلف لیا۔ حلف اٹھانے والوں میں حاجی عبداللطیف صدر مرکزی انجمن تاجران ساہیوال، جنرل سیکرٹری احسن عبداللہ بٹ، نائب صدر محمود احمد شاہ سمیت دیگر نومنتخب عہدیداران شامل تھے۔ اس موقع پر تاجروں اور انجمن کے دیگر نمائندگان نے شرکت کی۔ مقررین نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی باڈی تاجر برادری کے مسائل کے حل، حقوق کے تحفظ اور کاروباری ماحول کی بہتری کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

کوٹلی لوہاراں کچرا کنڈی بن گیا، واٹر سپلائی کے قریب گندگی کے ڈھیر، شہریوں میں تشویش

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) کوٹلی لوہاراں کچرا کنڈی بن گیا، واٹر سپلائی کے قریب گندگی کے ڈھیر، شہریوں میں تشویش تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ ویسٹ مینجمنٹ کی مبینہ غفلت کے باعث کوٹلی لوہاراں میں صفائی کی صورتحال

انتہائی ابتر ہو گئی، مختلف علاقوں میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگنے سے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ کچرا بروقت نہ اٹھائے جانے کے باعث گندگی اور تعفن میں اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ مکھیوں اور دیگر حشرات کی بہتات نے بھی شہریوں کی پریشانی بڑھا دی ہے۔ ذرائع کے مطابق کوٹلی لوہاراں میں قائم واٹر سپلائی، جہاں سے قصبے کے مختلف علاقوں کو پینے کا پانی فراہم کیا جاتا ہے، کے اطراف بھی کچرے کے ڈھیر موجود ہیں۔ واٹر سپلائی کے قریب گندگی کے باعث شہریوں میں پینے کے پانی کے آلودہ ہونے کے حوالے سے شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ اگر گندگی اور کچرے کا فوری تدارک نہ کیا گیا تو جراثیم اور آلودگی کے باعث مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کے مطابق صفائی کا عملہ باقاعدگی سے کچرا اٹھانے میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری نے تحصیل چیچہ وطنی کے علاقوں میں قائم مختلف پٹرول پمپس کا اچانک دورہ کیا

چیچہ وطنی سے ہمارے کرائم رپورٹر عمران ندیم شاہ سے) اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری نے تحصیل چیچہ وطنی کے علاقوں میں قائم مختلف پٹرول پمپس کا اچانک دورہ کیا، دورانِ چیکنگ معیار اور پیمائش میں کمی بیشی پائے جانے پر ایک پٹرول پمپ سیل جبکہ متعدد پٹرول پمپس کو بھاری جرمانے عائد کیے، متعدد پٹرول پمپس مالکان کو سخت وارننگ بھی جاری کی گئی کہ آئندہ خلاف ورزی کی صورت میں پمپ سیل کر دیے جائیں گے، اسسٹنٹ کمشنر غضنفر نوید چوہدری نے کہا کہ شہریوں کو معیاری اور مقررہ مقدار میں پٹرول کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور کسی قسم کی کوتاہی یا دھوکہ دہی برداشت نہیں کی جائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ دی، عوام کو فوری ریلیف دینا ناگزیر ہے، پرویز اختر عباسی

ہارون آباد (تحصیل رپورٹر) مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ دی، عوام کو فوری ریلیف دینا ناگزیر ہے: پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ معاشی مشکلات کا شکار عوام پر مزید بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے، روزگار، امن اور معاشی استحکام حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے پاکستان پیپلز پارٹی کے سنئیر رہنما پرویز اختر عباسی نے موجودہ معاشی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عام آدمی مہنگائی، بے روزگاری اور محدود آمدن کے باعث پہلے ہی شدید ذہنی اور معاشی دباؤ کا شکار ہے، ایسے حالات میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اس کے لیے مزید مشکلات پیدا کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات زندگی کے ہر شعبے تک پہنچتے ہیں۔ ٹرانسپورٹ کے اخراجات بڑھنے سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے، جس کا براہِ راست اثر مزدور، کسان، ملازم، تاجر اور کم آمدن والے خاندانوں پر پڑتا ہے۔ حاجی پرویز اختر عباسی نے کہا کہ ریاست کی اصل کامیابی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی اشیاء چُرا لی گئیں

کامونکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی اشیاء چُرا لی گئیں۔ گذشتہ رات نجی گارڈن کا عدنان عباس جی ٹی روڈ پر پارک کے باہر موٹر سائیکل کھڑی کر کے بچوں کو اندر لے گیا تو نامعلوم چور اُسکی غیر موجودگی میں موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے۔ موضع قلعہ سوکھا سنگھ سے ماجد شریف کے ٹیوب ویل کے سپیئر پارٹس چوری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

موٹر سائیکل سوار دو نوسر باز مشروب ایجنسی سے ہزاروں روپے لیکر فرار

کامونکے (تحصیل رپورٹر) موٹر سائیکل سوار دو نوسر باز مشروب ایجنسی سے ہزاروں روپے لیکر فرار ہو گئے۔ گذشتہ روز ماڑی روڈ پر حاجی محمد گلزار اپنی مشروب ایجنسی پر تھا کہ موٹر سائیکل سوار دو نوسر باز خریداری کے بہانے غلہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

معمولی تنازعہ پر ہمساؤں نے خاتون کو زبردست تشدد کا نشانہ بنا دیا

کامونکے (تحصیل رپورٹر) معمولی تنازعہ پر ہمساؤں نے خاتون کو زبردست تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز ٹبہ محمد نگر کی شمیم نے اپنے گھر کی چھت پر ہمسائی کو اقصیٰ کو گوبر پھینکنے سے منع کیا جس پر دونوں میں تلخ کلامی ہوئی اور پھر اقصیٰ اُسکے شوہر راشد اور دیور کاشف نے شمیم بی بی پر بدترین تشدد کیا۔ صدر پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

امانت میں خیانت کرنے والے شخص کیخلاف مقدمہ درج

کامونکے (تحصیل رپورٹر) امانت میں خیانت کرنے والے شخص کیخلاف مقدمہ درج۔ بتایا گیا ہے کہ نواحی گاؤں مرالیوالا کی عفت نے اپنے رشتہ دار شفیق عرف بگو کے پاس سات لاکھ روپے بطور امانت رکھے تھے۔ گذشتہ روز خاتون نے رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو شفیق نے انکار کر دیا۔ تھلے عالی پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی

کامونکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہو گیا۔ گذشتہ روز تھلے روڈ کا چوبیس سالہ عبدالہادی موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں بلال پارک کا چالیس سالہ محمد متین، ہڑڑ روڈ کا حارث، مریدکے کا پینتالیس سالہ شفاقت، سلامت پورہ کا وقاص، گوجرانوالہ کا تاثیر اور کسوکی روڈ کا ذوالقرنین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

عثمان بھٹی کو ایس ڈی او واپڈا لیسکو سٹی ڈویژن 11421 تعینات کر دیا گیا ہے

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) عثمان بھٹی کو ایس ڈی او واپڈا لیسکو سٹی ڈویژن 11421 تعینات کر دیا گیا ہے ہے الحاج عبدالجبار بھٹی سردار محمد نواز بھٹی کی۔ کی جانب سے ایس ڈی او تعیناتی پر محمد عثمان کو مبارکباد پیش کی گئی ہے تفصیلات کے مطابق لیسکو حکام کی جانب سے لائن سپرینٹنڈنٹ محمد عثمان بھٹی کو ایس ڈی او واپڈا لیسکو سٹی سب ڈویژن رینالہ خورد تعینات کر دیا گیا ہے محمد عثمان بھٹی نے چارج سنبھال کر اپنے فرائض ادا کرنا شروع کر دیے ہیں اس موقع پر الحاج عبدالجبار بھٹی سردار محمد نواز بھٹی محمد سرور وٹو محمد زین قاری عبدالرزاق چودھری عمر ذوالفقار چودھری لیاقت علی طارق نوید اختر چودھری ملک۔ شمشاد فیصل بھولا اور دیگر معززین علاقہ نے محمد عثمان بھٹی کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی ہے کہ محمد عثمان بھٹی سٹی سب ڈویژن سے بجلی چوری کا خاتمہ کرتے ہوئے بجلی چوروں کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

حرمین شریفین کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کو امت کا دوٹوک پیغام

مانگا منڈی (میاں ذیشان حیدر) حرمین شریفین کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کو امت کا دوٹوک پیغام مکہ مکرمہ کی طرف اٹھنے والا ہر قدم ناقابلِ برداشت ہے، حرمین شریفین ہماری ریڈ لائن ہیں — میاں محمد اقبال اشرف میاں محمد اقبال اشرف کا مکہ مکرمہ کی سمت حوثی ڈرون کی پیش قدمی پر شدید ردِ عمل مکہ مکرمہ کی سمت حوثیوں کے ڈرون کی پیش قدمی پوری امتِ مسلمہ کے جذبات، عقیدے اور مقدس مقامات کی حرمت پر کھلا حملہ ہے۔ حرمین شریفین کسی جنگجو گروہ، سیاسی طاقت یا عسکری ایجنڈے کی جاگیر نہیں؛ یہ پوری امتِ مسلمہ کے ایمان کا مرکز ہیں۔ میاں محمد اقبال اشرف نے کہا کہ مکہ مکرمہ کی طرف بڑھنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

اوکاڑہ نئے جوڈیشل کمپلیکس دیپالپور میں لائرز چیمبرز کی افتتاحی تقریب سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں اور صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خاں خطاب کر رہے ہیں

شہر میں موسلا دھار بارش، نکاسی آب کے لیے واسا کی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک

اوکاڑہ (نامہ نگار) شہر میں موسلا دھار بارش کے بعد واسا کی ٹیمیں نکاسی آب کے لیے فیلڈ میں متحرک ہو گئیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے فیلڈ ٹیموں کو نشیبی علاقوں سے بارشی پانی کے فوری انخلا کی ہدایات جاری کر دیں۔ ایم ڈی واسا نجیب فاروق اور انتظامی افسران بھی چیکنگ کے لیے فیلڈ میں موجود رہے۔ مختلف مقامات پر سکر مشینوں اور ہیوی پمپس سے نکاسی آب کا عمل جاری ہے جبکہ مرکزی بازاروں سے بارشی پانی کی واٹر اسٹوریج ٹینک میں منتقلی کا عمل بھی جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے ہدایت کی ہے کہ بارشی پانی کی مکمل نکاسی تک واسا حکام اور فیلڈ ٹیمیں موقع پر موجود رہیں اور نشیبی علاقوں کی مکمل کلیئرنس تک فیلڈ میں رہیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ بارشی پانی کے بر وقت انخلا سے شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے، نکاسی آب کے دوران بند مین ہولز اور سیوریج لائنز کی بھی مکمل کلیئرنس کی جائے اور بارشی پانی کے باعث عوام کو کسی قسم کی دشواری نہیں ہونی چاہیے۔

آصف صابر جوئیہ کی والدہ محترمہ کے ایصالِ ثواب کے لیے ستواں کے ختم کا اہتمام کیا گیا

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) نثار صابر جوئیہ، افتخار صابر جوئیہ، نثار صابر جوئیہ، مختیار صابر جوئیہ، کاشف صابر جوئیہ اور آصف صابر جوئیہ کی والدہ محترمہ کے ایصالِ ثواب کے لیے ستواں کے ختم کا اہتمام کیا گیا، تفصیلات کے مطابق معروف سماجی شخصیت نثار صابر جوئیہ کی والدہ کے ستویں کے ختم کا اہتمام کیا گیا جس میں عزیز و اقارب اور اہلِ علاقہ نے شرکت کی۔ جس میں سابق ضلع کونسل ممبر رانا زمان جوئیہ، رائے خالد سرور ایڈووکیٹ، میاں مزمل حسین جوئیہ خرم جوئیہ ایڈووکیٹ، غلام دستگیر جوئیہ ایڈووکیٹ، محمود طالب جوئیہ، سعید احمد جوئیہ جنرل سیکرٹری ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان تحصیل اوکاڑہ، رانا عاشق علی جوئیہ ملک اشرف اس موقع پر قرآن خوانی اور دعا کا اہتمام کیا گیا۔ شرکاء نے مرحومہ کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

اوکاڑہ نئے جوڈیشل کمپلیکس دیپالپور میں لائرز چیمبرز کی افتتاحی تقریب

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ + شکیل احمد آصم سے) اوکاڑہ نئے جوڈیشل کمپلیکس دیپالپور میں لائرز چیمبرز کی افتتاحی تقریب، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں اور صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خاں نے 249 کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر پرانے جوڈیشل کمپلیکس میں لیاقت علی روڈ، بیڈمنٹن کورٹ اور ڈسپنسری کا افتتاح کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر محمد کرام ملک، ایم این اے چوہدری ریاض الحق جج، ڈی پی او نے شرکت کی۔ ممبران صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، چوہدری افتخار حسین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے کمیونٹی لائنز زون ہال میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا

اوکاڑہ (نامہ نگار) ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے کمیونٹی لائنز زون ہال میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا کو قائم رکھنا اور معزز شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔ ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے کہا کہ شہریوں کو انصاف کی فراہمی اولین ترجیح ہے، تھانوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS — ABC CERTIFIED

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648

0321-4618852

سالہا سال سے مکمل واٹر سپلائی اسکیم فعال نہ ہو سکی، شہریوں کو ایک بوند پانی بھی میسر نہ آیا، متعلقہ حکام سے بارہا اپیلوں اور یاد دہانیوں کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار

سالہا سال سے مکمل واٹر سپلائی اسکیم فعال نہ ہو سکی، شہریوں کو ایک بوند پانی بھی میسر نہ آیا، متعلقہ حکام سے بارہا اپیلوں اور یاد دہانیوں کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) چناح ٹاؤن ہڑپہ اسٹیشن پر کروڑوں روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے واٹر سپلائی منصوبے سے سالہا سال گزرنے کے باوجود شہریوں کو تاحال ایک بوند پانی بھی میسر نہ آ سکی، جس کے باعث عوام میں تشویش اور شدید بے چینی پائی جا رہی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ عوامی سہولت کے لیے خطیر رقم سے مکمل کیے گئے منصوبے کو فعال نہ کیا جانا باعثِ تشویش ہے ذرائع کے مطابق واٹر سپلائی منصوبہ عرصہ دراز سے مکمل ہو چکا ہے، تاہم اس سے شہریوں کو پانی کی فراہمی شروع نہیں ہو سکی۔ مقامی افراد کی جانب سے منصوبے کو فعال کرنے کے لیے پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ساہیوال (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

پنجاب حکومت نے صوبہ بھر میں پرائیویٹ گاڑیوں پر پریشر ہارن کے استعمال پر سخت پابندی عائد کر دی

عارفوالا (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت نے صوبہ بھر میں پرائیویٹ گاڑیوں پر پریشر ہارن کے استعمال پر سخت پابندی عائد کرتے ہوئے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کے احکامات جاری کر دیے ڈی پی او پاکپتن جاوید اقبال چدھڑ کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ٹریفک پولیس آفیسر عبدالمجید بھٹی ہیڈ کوارٹر پاکپتن رائے اسماعیل، ایجوکیشن ونگ پاکپتن انچارج ٹریفک پولیس منور حسین بودلہ، سب انسپکٹر پاکپتن تصور علی وٹو، سب انسپکٹر مرزا عمر یونس اور سب انسپکٹر رضوان رشید، سب انسپکٹر محمد عمران گجر، سب انسپکٹر رانا اجمل اور واصف شاہ کی زیر نگرانی ٹریفک پولیس کی جانب سے شہریوں کو پریشر ہارن کے مضر اثرات اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے آگاہی دی جا رہی ہے حکومت نے تمام سی ٹی اوز اور ڈی ٹی اوز کو ہدایت کی ہے کہ پرائیویٹ گاڑیوں میں غیر قانونی پریشر ہارن کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

کاڑہ تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی اور بارشی پانی کی نکاسی کا عمل جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی اور بارشی پانی کی نکاسی کا عمل جاری مینجنگ ڈائریکٹر احمد سلیم چشتی کی ہدایت پر ستھرا پنجاب ایجنسی کی ٹیمیں متحرک، صفائی مہم پر صفائی ٹیمیں تمام علاقوں میں متحرک ہیں ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت جبکہ سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر اور تحصیل مینیجر نعمان راشد کی زیر نگرانی صفائی ٹیمیں حالیہ بارش کے بعد مختلف علاقوں،

آپریشن جاری اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن ستھرا پنجاب کے تحت

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

ڈسکہ شہر اور گردونواح میں بجلی کی بندش نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ و گردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کا سلسلہ جاری، عوام پریشان، ڈسکہ شہر اور گردونواح میں بجلی کی بندش نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا۔ مقامی شہریوں کے مطابق صبح کے اہم اوقات میں بجلی کی بندش کے ساتھ ساتھ رات کو بھی دو، دو گھنٹے تک بجلی کے تعطل کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جس کے باعث اہل علاقہ شدید پریشانی سے دوچار ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

ایف آئی اے گوجرانوالہ زون کا انسانی اسمگلروں کے خلاف کریک ڈاؤن، 13 ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ایف آئی اے گوجرانوالہ زون کا انسانی اسمگلروں کے خلاف کریک ڈاؤن، 13 ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے گوجرانوالہ زون نے انسانی اسمگلنگ، بیرونِ ملک ملازمت کے نام پر فراڈ اور شہریوں سے رقوم ہتھیانے والے عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گرفتار ملزمان میں مختلف مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزمان بھی شامل ہیں۔ ملزمان پر برطانیہ، اٹلی، اسپین، سعودی عرب، دبئی، کویت، ترکی اور بوسنیا بھیجنے کے بہانے شہریوں سے مبینہ طور پر لاکھوں اور کروڑوں روپے وصول کرنے کا الزام ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان نے بیرونِ ملک ملازمت اور سفر کے جھوٹے وعدوں کے ذریعے شہریوں سے رقوم وصول کیں تاہم وعدے پورے نہ کیے اور مبینہ طور پر وصول کی گئی رقوم بھی واپس نہ کیں جس پہ انکے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت مقدمات درج ہیں۔ ایف آئی اے کارروائیوں کے دوران ایک ملزم سے متعلق کیس میں شکایت کنندہ سے ایک کروڑ 54 لاکھ روپے، دیگر مقدمات میں بھی لاکھوں روپے کی مبینہ فراڈ شدہ رقوم سامنے آئی ہیں مجموعی طور پر مذکورہ مقدمات میں شہریوں سے مبینہ طور پر ہتھیائی گئی رقم 2 کروڑ 89 لاکھ 65 ہزار 400 روپے اور 1,000 امریکی ڈالر بنتی ہے بیرونِ ملک ملازمت کے نام پر شہریوں سے فراڈ کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

شیر گڑھ: امام بارگاہ کے باہر ڈیوٹی پر مامور افراد پر حملہ 3 شدید زخمی 13 حملہ آور ملزمان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

شیر گڑھ: امام بارگاہ کے باہر ڈیوٹی پر مامور افراد پر حملہ 3 شدید زخمی 13 حملہ آور ملزمان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) تھانہ شیر گڑھ کے نواحی گاؤں حسین گڑھ میں سابقہ رنجش کی بنا پر امام بارگاہ کے باہر ڈیوٹی پر موجود افراد پر اچانک حملہ کر دیا گیا، جس کے نتیجے میں 3 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ متاثرہ فریق نے پولیس کو دی گئی تحریری درخواست میں مبینہ طور پر ریکارڈ یافتہ عابد سمیت 13 افراد کے خلاف فوری مقدمہ درج کرنے اور ان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ تھانہ شیر گڑھ میں جمع کروائی گئی درخواست کے مطابق امام بارگاہ کے باہر ڈیوٹی کے دوران مخالفین نے مبینہ طور پر گالم گلوچ کی، سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں اور اچانک تشدد پر اتر آئے۔ درخواست دہندہ کے مطابق حملہ آوروں نے انتہائی بے دردی سے کلہاڑی، لوہے کے راڈز اور سوٹوں کے متعدد وار کیے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

تھانہ کوٹلی لوہاراں کے علاقہ چک منڈاہر میں سفاک باپ نے اپنی ہی 3 سالہ معصوم بیٹی کو قتل کر دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ کوٹلی لوہاراں کے علاقہ چک منڈاہر میں گھریلو ناچاقی کے باعث انتہائی دلخراش واقعہ پیش آیا سفاک باپ نے اپنی ہی 3 سالہ معصوم بیٹی کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے مقتولہ فاطمہ کی والدہ شہر بانو کی مدعیت میں تھانہ کوٹلی لوہاراں میں واقعے کا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ تاروں کے گچھے ختم کرنے اور کم استعداد ٹرانسفارمرز تبدیل کرنے کا فیصلہ

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) جمبر میں بجلی کے بڑھتے ہوئے مسائل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ لائن لاسز بریڈر اسٹیشن میں پینل ریلے اور دیگر آپریشنل میں بجلی کی بار بار بندش غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ لائن لاسز گریڈ اسٹیشن کے پینل ریلے سمیت بجلی کے نظام سے متعلق مختلف مسائل ایس ڈی او کے سامنے تفصیل سے

معاملات کے حوالے سے مرکزی پریس کلب جمبر کے وفد نے صدر رانا عمران صابری کی سربراہی میں ایس ڈی او لیسکو پھولنگر انجینئر عبدالرحمٰن صاحب سے اہم میٹنگ کی میٹنگ میں مرکزی پریس کلب جمبر کے چیف آرگنائزر چوہدری سجاد احمد بھی موجود تھے وفد نے جمبر رکھے اس موقع پر ایس ڈی او لیسکو پھولنگر انجینئر عبدالرحمٰن صاحب نے وفد کو یقین دہانی کروائی کہ جمبر میں بجلی کے مسائل کے حل کے لیے تمام متعلقہ معاملات کا جائزہ لے کر ضروری اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے بتایا کہ جمبر کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

چشتیاں قاضی والا روڈ پر واقع ڈوگر سجی کے کھانے کے ناقص معیار بارے اپنے ویڈیو بیان میں الزام عائد کرتے ہوئے

چشتیاں قاضی والا روڈ پر واقع ڈوگر سجی کے حوالے سے صاحبزادہ بلال فخر نے مبینہ طور پر غیر معیاری اور مضرِ صحت کھانے کی فراہمی کا الزام عائد کر دیا

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں قاضی والا روڈ پر واقع ڈوگر سجی کے حوالے سے صاحبزادہ بلال فخر نے مبینہ طور پر غیر معیاری اور مضرِ صحت کھانے کی فراہمی کا الزام عائد کرتے ہوئے محکمہ پنجاب فوڈ اتھارٹی سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے ویڈیو بیان میں صاحبزادہ بلال فخر نے دعویٰ کیا کہ مذکورہ ہوٹل پر شہریوں کو غیر معیاری کھانے فراہم کیے جا رہے ہیں، جو انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہو سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کھانا کھانے کے کافی دیر بعد بھی ہاتھوں سے بدبو محسوس ہوتی رہی، جس سے کھانے کے معیار اور صفائی ستھرائی کے انتظامات پر سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ صاحبزادہ بلال فخر نے مزید الزام عائد کیا کہ بعض ویلاگرز مبینہ طور پر ذاتی مالی مفادات یا مفت کھانے کے حصول کے لیے ایسے ہوٹلوں کی تشہیر کرتے ہیں، جس کے باعث شہریوں کو گمراہ کن تاثر مل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے اور اس معاملے میں متعلقہ حکام کو مؤثر نگرانی یقینی بنانی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چند روز قبل گوجرانوالہ میں بھی ڈوگر سجی سے مبینہ غیر معیاری گوشت برآمد ہونے کی کارروائی سامنے آ چکی ہے، جس کے بعد چشتیاں میں قائم مذکورہ کاروباری مرکز کے کھانے اور حفظانِ صحت کے انتظامات کی بھی جانچ ضروری ہے۔ صاحبزادہ بلال فخر نے پنجاب فوڈ اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

پٹرولیم مصنوعات میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ، لوکل ٹرانسپورٹ اور رکشہ ڈرائیوروں نے کرایوں میں اضافہ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پٹرولیم مصنوعات میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ، لوکل ٹرانسپورٹ اور رکشہ ڈرائیوروں نے کرایوں میں اضافہ، شہریوں کو مشکلات کا سامنا، مہنگائی کے بڑھتے ہوئے بوجھ نے عام شہری کی مشکلات میں ایک اور اضافہ کر دیا، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد ڈسکہ شہر میں لوکل ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں بھی من مانے اضافے کی شکایات سامنے آنے لگیں، چنگ چی رکشوں، ویگنوں اور دیگر مقامی ذرائع آمدورفت پر روزانہ سفر کرنے والے شہری اضافی کرایوں کے بوجھ تلے دب گئے۔ مسافروں کے مطابق پٹرول کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

تفتیش کے عمل کو شفاف بنایا جائے، ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کا تھانہ صدر چشتیاں میں کھلی کچہری کا انعقاد

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کا تھانہ صدر چشتیاں میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ تفتیش کے عمل کو شفاف بنایا جائے، کسی کے ساتھ ناانصافی نہ

ہونے دی جائے اور تھانے پر آنے والے ہر شہری کو عزت و احترام دیا جائے محمد عمران۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران نے عوامی مسائل کے حل کے لیے تھانہ صدر چشتیاں کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او سرکل چشتیاں محمد اکمل بسرا بھی موجود ہیں۔ کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو مٹانا اور انصاف کی دہلیز پر فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ کھلی کچہری میں شہریوں، معززینِ علاقہ اور سائلین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل، پولیس سے متعلقہ شکایات اور درخواستیں ڈی پی او کے سامنے پیش کیں۔ ڈی پی او نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

سیالکوٹ میں غیر معیاری اور مضر صحت اچار کی فروخت کا سلسلہ جاری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ میں غیر معیاری اور مضر صحت اچار کی فروخت کا سلسلہ جاری ہے، ناقص مصالحہ سے تیار کردہ اچار سے شہری انتڑیوں اور گلے کی بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ اور گردونواح میں غیر معیاری اور مضر صحت اچار کی فروخت کا سلسلہ جاری ہے۔ چیک اینڈ بیلنس کی مخدوش صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے شہر اور قرب و جوار میں قائم چھوٹی چھوٹی فیکٹریوں میں مضر صحت اچار تیار کر کے کھلے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

تیز رفتار ڈمپر کی کار کو ٹکر، کار سوار ایک شخص جاں بحق، چار شدید زخمی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تیز رفتار ڈمپر کی کار کو ٹکر، کار سوار ایک شخص جاں بحق، چار شدید زخمی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سمبڑیال کے علاقہ شہباز پور پل بکھڑ یانوالی کے قریب کار ریاض ولد انور گجرات سے سیالکوٹ آ رہی تھی کہ سیالکوٹ سے گجرات جانیوالے تیز رفتار ڈمپر نے ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں کار میں سوار میاں بیوی، 50 سالہ ہاجرہ زوجہ ریاض، 60 سالہ ریاض حسین ولد انور، 35 سالہ نگینہ دختر ریاض، 29 سالہ زبیدہ نور زوجہ ضیاء الرحمٰن، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

تھانہ کوٹلی لوہاراں پولیس نے تین سالہ بیٹی پر مبینہ تشدد اور اس کی ہلاکت کے مقدمے میں مطلوب ملزم عدنان رشید کو گرفتار کر لیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) تین سالہ بچی کی مبینہ تشدد سے ہلاکت، ڈی پی او کا نوٹس ملزم والد گرفتار، ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کے سخت نوٹس اور خصوصی ہدایات پر تھانہ کوٹلی لوہاراں پولیس نے تین سالہ بیٹی پر مبینہ تشدد اور اس کی ہلاکت کے مقدمے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

تھانہ کوٹلی لوہاراں پولیس نے تین سالہ بیٹی پر مبینہ تشدد اور اس کی ہلاکت کے مقدمے میں مطلوب ملزم عدنان رشید کو گرفتار کر لیا

اتحاد فاؤنڈیشن کمہار یوالہ کا بڑا اقدام، بیوہ خاتون کو گھر تعمیر کر دیا، سیاسی سماجی حلقوں کا اظہار مسرت

پاکپتن (نامہ نگار) اتحاد فاؤنڈیشن کمہار یوالہ کا بڑا اقدام، بیوہ خاتون کو گھر تعمیر کر دیا، سیاسی سماجی حلقوں کا اظہار مسرت، نئے گھر کا افتتاح سی ای او ٹیلنٹ آف پنجاب میاں محمد جہانگیر احمد وٹو اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر میاں شاہد سکھیرا، معروف صحافی، انسانی حقوق کے رہنما و سابق صدر پریس کلب پاکپتن وقار فرید جگنو، سیکرٹری جنرل پاکستان سوشل ایسوسی ایشن حکیم لطف اللہ نے کیا اس موقع پر ٹیلنٹ اف پنجاب کی ٹیم علی عرفان بلوچ، علی رضا جوئیہ (جٹ پروڈکشن) میاں حسن بودلہ، مزمل خیال و دیگر بھی موجود تھے، محمد احمد دھاریوال چیئرمین رائے غلام محمد کھرل وائس چیئرمین، حافظ محمد احمد چوہدری صدر، شکیل احمد سکھیرا فنانس سیکرٹری، نعیم بشیر دھاریوال جنرل سیکرٹری، قاری حامیم بھٹی آفس سیکرٹری، اویس بلال وٹو کوآڈیٹر، رائے آصف علی کھرل انفارمیشن سیکرٹری، محمد احمد وٹو جنرل ممبر، محمد احمد ڈوگر جنرل ممبر، رانا اعجاز جوئیہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

ملکہ ہانس کی معروف سماجی شخصیت ماہر تعلیم میاں نیاز ساجد ہانس کی جانب سے گرلز سکول کو واٹر پمپ عطیہ کیا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) ملکہ ہانس کی معروف سماجی شخصیت ماہر تعلیم میاں نیاز ساجد ہانس کی جانب سے گرلز سکول کو واٹر پمپ عطیہ کیا گیا، تفصیلات کے مطابق ملکہ ہانس کی معروف سماجی اور تعلیمی شخصیت میاں نیاز ساجد ہانس کی جانب سے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ملکہ ہانس کو مری پل واٹر پمپ عطیہ کیا، معروف سماجی شخصیات سابق صدر پریس کلب پاکپتن وقار فرید جگنو، سیکرٹری جنرل پاکستان سوشل ایسوسی ایشن حکیم لطف اللہ، معروف صحافی راحت لطیف وینس جٹ نے افتتاح کیا، اس موقع پر میاں نیاز ساجد ہانس، پروین انجم پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائی سکول، اور سماجی رہنما میاں محمد سعید بھی موجود تھے، پرنسپل پروین انجم نے کہا کہ سکول میں واٹر پمپ نہیں تھا، اور ہم شدید مشکلات میں تھے، سابق صدر پریس کلب پاکپتن وقار فرید جگنو، سیکرٹری جنرل پاکستان سوشل ایسوسی ایشن حکیم لطف اللہ نے کہا کہ میاں نیاز ساجد ہانس جیسی شخصیات قوم کے اصل ہیرو ہیں۔

ڈیوٹی کے دوران ٹریفک حادثے میں زخمی سب انسپکٹر جاں بحق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈیوٹی کے دوران ٹریفک حادثے میں زخمی سب انسپکٹر جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سبز پیر میں تعینات سب انسپکٹر احسان اللہ تین روز قبل سرکاری کام کے سلسلہ میں موٹر سائیکل پر سیالکوٹ جاتے ہوئے مست پور کے قریب ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہو گئے تھے انہیں فوری طور پر علاج معالجے کے لیے علامہ اقبال (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

شورکوٹ کا بیٹا پڑھ لکھ کر وکیل بن گیا، قانون داخلہ امتحان میں 100 میں سے 80 نمبر حاصل کر لیے

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) چوہدری شہباز مقبول جٹ ایڈووکیٹ نے وکالت کا لائسنس حاصل کرنے کے لیے منعقدہ قانون داخلہ امتحان میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 100 میں سے 80 نمبر حاصل کر لیے انہوں نے برطانیہ سے قانون کی ڈگری مکمل کی اور کامیابی کے بعد وکالت کے شعبے میں باقاعدہ عملی سفر کا آغاز کر دیا اس موقع پر بار ایسوسی ایشن شورکوٹ کے وکلاء نے چوہدری شہباز مقبول جٹ ایڈووکیٹ کا استقبال کیا، انہیں مبارکباد دی اور کیک کاٹا وکلاء نے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا چوہدری شہباز مقبول جٹ ایڈووکیٹ نے کہا کہ وہ وکالت کو غریب اور مظلوم عوام کی خدمت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

شورکوٹ کا بیٹا پڑھ لکھ کر وکیل بن گیا، قانون داخلہ امتحان میں 100 میں سے 80 نمبر حاصل کر لیے

انجمن کاج آور کی رجیم مکمل انجمن کاج نوشہرہ ورکاں کے ممبران نے اتفاق رائے سے 2 سال کے لیے میاں محمد اکرم کو صدر اور 2 سال کے لیے طارق محمود کو صدر بنانے کا فیصلہ کیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں انجمن کاج آور کی رجیم مکمل انجمن کاج نوشہرہ ورکاں کے ممبران نے اتفاق رائے سے 2 سال کے لیے میاں محمد اکرم کو صدر اور 2 سال

کے لیے طارق محمود کو صدر بنانے کا فیصلہ کیا ھے مندرجہ ذیل عہدیداران منتخب ہوئے سرپرست اعلیٰ طارق محمود۔ سرپرست میاں محمد جہانگیر۔ صدر میاں محمد اکرم۔ سینئر نائب صدر طاہر بھٹی۔ نائب صدور محمد عمران۔ اعجاز بھٹی۔ میاں نذیر جنرل سیکرٹری عابد برکت۔ جوائنٹ سیکرٹری امام طارق فنانس سیکرٹری محمد سرور اور سیکرٹری انفارمیشن طاہر بھٹی شامل ہیں تمام عہدے اتفاق رائے سے مکمل کیے گئے ہیں نو منتخب صدر میاں محمد اکرم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے 2 سال کے لیے صدر منتخب کیا گیا ھے میں عہدیداران سمیت تمام ممبران کو ساتھ لے کر چلوں گا اپنی ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھانے کی پوری کوشش کروں گا انفارمیشن سیکرٹری طاہر بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اپنے ممبران کی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

پی ٹی آئی قیادت نے ہمیشہ عوام کو پورا سچ بتایا اور پاکستان کے اندرونی امور میں غیر ملکی مداخلت کیخلاف آواز بلند کی، خواجہ عاطف

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) تحریک انصاف کے رہنما سابق چیئرمین بلدیہ ڈسکہ خواجہ عاطف رضا پاشی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت نے ہمیشہ عوام کو پورا سچ بتایا اور پاکستان کے اندرونی امور میں غیر ملکی مداخلت کیخلاف آواز بلند کی جس کا مقصد پاکستان کی خودمختاری کا تحفظ اور اندرونی سیاسی امور میں بیرونی مداخلت کا راستہ روکنا تھا جسے پوری پاکستانی قوم نے پذیرائی دی، بانی پی ٹی آئی آج بھی اپنے موقف پر قائم ہیں اور پارٹی کی جدوجہد کا واحد مقصد ملک میں آئینی و جمہوری اقدار کی پاسداری یقینی بنانا ہے جس میں کامیابی زیادہ دور نہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ مخالفین پارٹی کی بڑھتی مقبولیت سے خوفزدہ ہیں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

ایک نامعلوم نوجوان کی نیم برہنہ اور شدید مدہوش حالت میں موجودگی نے پولیس کی سیکیورٹی اور نگرانی کے نظام پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ صدر سیالکوٹ کی عمارت کے بالکل عقبی حصے سے ایک نامعلوم نوجوان کی نیم برہنہ اور شدید مدہوش حالت میں موجودگی نے پولیس کی سیکیورٹی اور نگرانی کے نظام پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ متاثرہ نوجوان منشیات کے زہر کے باعث بے سدھ حالت میں پڑا پایا گیا۔ حساس ترین سرکاری عمارت کے بالکل قریب اس نوعیت کا واقعہ پولیس پیٹرولنگ اور منشیات پر قابو پانے کے دعووں کی قلعی کھولنے کے لیے کافی ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

گجرات محکمہ اوقاف کی تمام مسجدوں میں کرپشن کیسے ختم ہو سکتی ہے؟ محکمہ اوقاف کے ملازمین کے گوشوارے محکمہ کو پیش کیے جائیں

گجرات سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) گجرات محکمہ اوقاف کی تمام مسجدوں میں کرپشن کیسے ختم ہو سکتی ہے؟ محکمہ اوقاف کے ملازمین کے گوشوارے محکمہ کو پیش کیے جائیں تا کہ حکومت کو پتہ چل سکے کہ ملازمین کی کتنی تنخواہیں ہے بلکہ کتنی جائیداد انہوں نے بنائی ہے کاریں اور موٹر سائیکل بھی کہاں سے لئے ہیں۔ ہر تین سال بعد تمام ملازمین کی تبدیلی کیجائے۔ ہر مساجد میں چندہ مانگنے پر پابندی لگائی جائے۔ ہر امام صاحب کی مسجد میں حاضری کو یقینی بنایا جائے۔ خوشی اور غمی کے موقع پر درخواست دے کر چھٹی جانا یقینی بنایا جائے۔ ہر امام کی سروس بک بنائی جائے تا کہ پتہ چل سکے کہ انہوں نے کتنی چھٹیاں کیں ہیں چندہ جو جمع کیا جاتا ہے اس کا آڈٹ کیا جائے مسجدیں محلے داروں کے سپرد کی جائیں جو مسجدیں کافی امیر ہیں اُنکا بجلی کا بل گورنمنٹ ادا کرے۔ ڈسٹرکٹ خطیب کو فوراً تبدیل کیا جائے اس میں بہتری آئیگی۔

سڑک کی غلط نشاندہی پر محکمہ ہائی وے کے ایکسین کے خلاف پسرور کے نواحی گاؤں لبے کے مکینوں کا احتجاج

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سڑک کی غلط نشاندہی پر محکمہ ہائی وے کے ایکسین کے خلاف پسرور کے نواحی گاؤں لبے کے مکینوں کا احتجاج، تحصیل پسرور کے گاؤں لبے کے رہائشی محکمہ ہائی وے کے ایکسین کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔ اہلِ علاقہ کا کہنا ہے کہ محکمہ ہائی وے کے ایکسین سڑک کی تعمیر مبینہ طور پر غلط نشاندہی کے مطابق کرنے پر بضد ہیں، جس کے باعث گاؤں کے لوگوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ سڑک اور نالے کی تعمیر سے قبل پٹواری، تحصیلدار اور دیگر متعلقہ محکمہ جات کے ذمہ داران موقع پر نشاندہی کر چکے ہیں، جبکہ اس حوالے سے محکمہ کی جانب سے فراہم کیا گیا نقشہ بھی اہلِ علاقہ کے پاس موجود ہے۔ اہلِ علاقہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے اور سڑک و نالے کی تعمیر پہلے سے کی گئی سرکاری نشاندہی اور دستیاب نقشے کے مطابق کی جائے، تا کہ مستقبل میں اہلِ علاقہ اور عام شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ ان کا احتجاج کسی ذاتی مفاد کے لیے نہیں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی اور انسانی حقوق پاکستان نے میر سید بابر حسین ترمذی کو ملتان ڈویژن کا صدر مقرر کر دیا

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) تفصیلات کے مطابق قومی امن کمیٹی کے سینئر کوارڈینیٹر علامہ سید شاہد عباس نقوی اور مرکزی جنرل سیکرٹری محمد اشفاق جعفری کی جانب سے اس تقرری پر اعتماد کا اظہار کیا گیا اور کہا گیا ہے کہ یہ میر سید بابر حسین ترمذی کی شمولیت سے کمیٹی کے مقاصد خصوصاً امن پیٹل مظاہر ہم آہنگی اور انسانی حقوق کے حوالے سے خدمات کو مزید تقویت ملے گی۔ یہ تقرری کمیٹی کی جانب سے ان کے امن بین المذاہب ہم آہنگی اور انسانی حقوق کیفروغ کے لیے مسلسل کاوشوں اور قابل قدر خدمات کے اطراف میں کی گئی ہیمیر سید بابر حسین ترمذی نے ہمیشہ سماجی ہم آہنگی بین المذاہب رواداری اور انسانی حقوق کے فروغ کے لیے عملی کردار ادا کیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

ننکانہ صاحب: رشوت لینے کے الزام میں سول ڈیفنس ملازم گرفتار

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) اینٹی کرپشن نے کارروائی کرتے ہوئے سول ڈیفنس کے ڈرائیور وحید کو 9 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے مبینہ طور پر رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا، جبکہ نشان زدہ نوٹ برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ننکانہ صاحب کے سرکل آفیسر اصغر علی نے ٹیم کے ہمراہ مجسٹریٹ شیخ حبیب اللہ کی نگرانی میں کوٹ لہنا داس کے رہائشی عظمت اللہ کی درخواست پر کارروائی کی۔ درخواست گزار کے مطابق اس کے کزن رضوان کی وار برٹن روڈ پر ایل پی جی کی دکان کو سول ڈیفنس کے عملے نے سیل کر کے سامان قبضے میں لے لیا تھا۔ سامان واپس لینے کے لیے رابطہ کرنے پر مبینہ طور پر 10 ہزار روپے رشوت طلب کی گئی۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق کارروائی کے دوران (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

حاجی پورہ چوک کے قریب واقع گرلز کالج کے باہر تجاوزات اور بے ہنگم ٹریفک کے باعث طالبات، والدین اور اہلِ علاقہ کو مشکلات کا سامنا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) حاجی پورہ چوک کے قریب واقع گرلز کالج کے باہر تجاوزات اور بے ہنگم ٹریفک کے باعث طالبات، والدین اور اہلِ علاقہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

حاجی پورہ چوک کے قریب واقع گرلز کالج کے باہر تجاوزات اور بے ہنگم ٹریفک کے باعث طالبات، والدین اور اہلِ علاقہ کو مشکلات کا سامنا

اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈسکہ کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈسکہ کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے ڈرگ سٹور کا بھی معائنہ کیا اور ادویات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

چیمبر الیکشن میں بزنس گروپ فیورٹ مختلف پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشنز کا بزنس گروپ کی حمایت کا اعلان

کامونکے (تحصیل رپورٹر) چیمبر الیکشن میں بزنس گروپ فیورٹ گوجرانوالہ کی مختلف پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشنز نے مشترکہ پلیٹ فارم سے بزنس گروپ کی غیر مشروط اور بھرپور حمایت کا اعلان کر دیا، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بزنس گروپ کے اُمیدوار برائے صدر شیخ غلام حسین جج، وقاص افضل مغل کا کہنا تھا کہ پڑھے لکھے لوگوں کو اپنے منشور پر قائل کرنا مشکل کام تھا جو بزنس گروپ نے کر لیا، اب انشاء اللہ 19 اور 21 کو جناح اسٹیڈیم بزنس گروپ کے پورے پینل فتح کا میدان بنے گا، تقریب میں پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشنز کے مشترکہ پلیٹ فارم سے قائدین کاشف جمیل کھوکھر، محمد ندیم انور، ابوبکر صدیق، چودھری محمد شاہد، راو محمد ایوب، عثمان رشید چودھری، محمد عمر صدیق، عثمان الرحمٰن خاں، شیخ زبیر سعید، افتخار سرویا، ملک افتخار اجمل اعوان، طاہر جاوید چودھری، چودھری محمد انور، رانا عارف ندیم، ڈاکٹر طاہر بشیر آواز، فیاض شاہ، ملک قیوم خاں، افتخار محمود سرویا، چوہدری محمد رضوان، عمران رفیق دروغہ، رانا محمد عارف ندیم، محمد ندیم منیر، جمشید احمد بٹ، خاقان محمود سندھو، سعید اصغر کھوکھر، رانا اعجاز احمد خاں، عمران احمد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

عظیم صوفی بزرگ حضرت خواجہ سائیں محمد عظیم قادریؒ کے سالانہ عرس مبارک کی دو روزہ تقریبات 21 ستمبر سے شروع ہوں گی، عرس مبارک حضرت پیر سائیں شیر محمد گیلانیؒ کی آمد کے سلسلہ میں ہر سال منعقد کیا جاتا ہے

حبیب آباد (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق عظیم صوفی بزرگ حضرت خواجہ سائیں محمد عظیم قادریؒ کے دو روزہ سالانہ عرس مبارک کی تقریبات 21 اور 22 ستمبر کو عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوں گی۔ یہ عرس مبارک حضرت پیر سائیں شیر محمد گیلانیؒ کی آمد کے سلسلہ میں ہر سال کھر پیڑ شریف میں منعقد کیا جاتا ہے، جس میں ملک بھر سے عقیدت مند اور زائرین شرکت کرتے ہیں۔ عرس مبارک کی دو روزہ تقریبات کے دوران سجادہ نشین صاحبزادہ پیر سائیں اویس احمد قادری درسِ مثنوی مولانا رومؒ اور درسِ فتح الربان

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ .....(جامع ترمذی)

مکہ معاہدہ، کسی ایک فریق پر حملہ ہوا تو تینوں ممالک مشترکہ فیصلہ کریں گے

ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے کے کسی ایک فریق پر بھی حملہ ہوا تو تینوں ممالک مشترکہ فیصلہ کریں گے۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں شامل کسی ایک ملک پر حملے کی صورت میں تینوں ممالک باہمی مشاورت سے ردعمل کا لائحہ عمل طے کریں گے اور پھر اسی کے مطابق اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اپنی فوجی طاقت میں اضافے کے لیے بڑے پیمانے پر وسائل خرچ کر رہا ہے، جبکہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کا بنیادی مقصد ملکی دفاع ہے۔ پاکستان اسلحے کی کسی دوڑ کا حصہ بننے کی کوشش نہیں کر رہا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کسی بھی ملک کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل بھروسا ہے۔ ملک نہ صرف اپنا مؤثر دفاع کرنے کی اہلیت رکھتا ہے بلکہ جارحیت کی صورت میں جواب دینے اور سزا دینے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ سیاسی اور فوجی اہداف سے متعلق سوال پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ملک کے سیاسی مقاصد کا تعین سیاسی قیادت کرتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فوج اور ریاست کے مقاصد الگ الگ نہیں ہیں۔ پاکستان کے قومی اہداف اور خواہشات کا تعین سیاسی قیادت کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ افغانستان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی رپورٹس میں افغانستان میں درجنوں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کا ذکر کیا گیا ہے۔ پاکستان کا مؤقف واضح ہے کہ افغانستان کو عالمی سطح پر دہشت گردی کا مرکز نہیں بننا چاہیے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ طالبان حکومت ایسے دہشت گرد عناصر کی تربیت کر رہی ہے جو پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا بنیادی مطالبہ صرف یہ ہے کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گردانہ سرگرمیوں کے لیے استعمال نہ ہونے دیا جائے۔ مکہ معاہدے کے تحت پاکستان کے ممکنہ ردعمل سے متعلق سوال پر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ دفاعی وعدوں پر عمل درآمد کا عملی طریقہ کار عوام کے سامنے ظاہر نہیں کیا جاتا، کیونکہ فوجی کارروائیوں اور سکیورٹی سے جڑی حساس معلومات خفیہ رکھی جاتی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ معاہدے میں شامل کسی ملک پر حملہ ہونے کی صورت میں ردعمل کی نوعیت کا فیصلہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ مل کر کریں گے۔ تینوں ممالک حالات کا جائزہ لینے کے بعد مشترکہ لائحہ عمل طے کریں گے اور پھر اسی فیصلے کے مطابق کارروائی ہوگی۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ مکہ معاہدے پر کسی جانب سے اعتراض سامنے نہیں آیا۔ عمومی طور پر اسے دفاعی نوعیت کا انتظام سمجھا جاتا ہے۔ اس معاہدے کا بنیادی مقصد خطے میں امن اور استحکام برقرار رکھنا اور مشترکہ دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں دفاع سے متعلق دیگر معاہدے بھی موجود ہیں جن میں رکن ممالک ایک دوسرے کو تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانیاں کراتے ہیں۔ مکہ معاہدے کے تحت عملی کارروائی کی تفصیلات بھی سکیورٹی اور فوجی معاملات کا حصہ ہیں، اس لیے انہیں عوامی سطح پر ظاہر نہیں کیا جاتا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق کسی بھی ممکنہ کارروائی کے بارے میں حتمی فیصلہ معاہدے کے تینوں رکن ممالک نے مشترکہ طور پر کرنا ہے۔

ہیکنگ سے بلیک میلنگ تک، قانون کیا کہتا ہے؟

قلمِ حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

سائبر کرائم آج کے دور کا ایک ایسا خطرہ بن چکا ہے جو خاموشی سے ہر گھر، ہر موبائل فون اور ہر انٹرنیٹ صارف تک پہنچ رہا ہے۔ پاکستان میں انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے استعمال نے جہاں زندگی کو آسان بنایا ہے، وہی جرائم کی ایک نئی دنیا بھی جنم لے چکی ہے۔ بہت سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ آن لائن کی گئی ہر حرکت گمنام رہتی ہے، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔

پاکستان میں سائبر جرائم کی روک تھام کے لیے الیکٹرانک جرائم سے متعلق قوانین موجود ہیں جن کا مقصد شہریوں کے ڈیجیٹل حقوق کا تحفظ اور آن لائن جرائم کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ ان قوانین کے تحت مختلف قسم کے جرائم کے لیے جرمانوں اور قید کی سزائیں مقرر کی گئی ہیں تاکہ انٹرنیٹ کو محفوظ بنایا جاسکے۔

سائبر کرائم سے مراد ایسا کوئی بھی غیر قانونی عمل ہے جو کمپیوٹر، موبائل فون، انٹرنیٹ یا کسی ڈیجیٹل نظام کے ذریعے کیا جائے۔ اس میں کسی کا اکاؤنٹ ہیک کرنا، جعلی سوشل میڈیا پروفائل بنانا، نجی معلومات چوری کرنا، مالی فراڈ، آن لائن ہراسانی اور بلیک میلنگ جیسے جرائم شامل ہیں۔

بہت سے افراد یہ سمجھتے ہیں کہ صرف بینک اکاؤنٹ ہیک کرنا ہی سائبر کرائم ہے، لیکن حقیقت میں کسی کی اجازت کے بغیر اس کے موبائل، کمپیوٹر، ای میل یا سوشل میڈیا اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کرنا بھی ایک سنگین جرم ہے، چاہے اس سے مالی نقصان ہوا ہو یا نہیں۔

پاکستان کے الیکٹرانک جرائم سے متعلق قانون کے تحت کسی بھی کمپیوٹر سسٹم، موبائل فون، سرور یا ڈیجیٹل اکاؤنٹ تک غیر مجاز رسائی حاصل کرنا قابل سزا جرم ہے۔ اگر کوئی شخص دوسروں کے ڈیٹا میں مداخلت کرتا ہے یا اسے نقصان پہنچاتا ہے تو اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

ہیکنگ آج کے دور کا سب سے عام سائبر جرم بن چکی ہے۔ بعض لوگ دوسروں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس، ای میلز یا کاروباری نظام میں غیر قانونی طریقے سے داخل ہو کر معلومات چوری کرتے ہیں، جبکہ کچھ لوگ صرف تفریح یا شہرت کے لیے بھی ایسے اقدامات کرتے ہیں، مگر قانون کی نظر میں یہ بھی جرم ہے۔

جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنانا بھی ایک خطرناک رجحان بنتا جا رہا ہے۔ کسی دوسرے شخص کے نام، تصویر یا شناخت کا استعمال کر کے جعلی پروفائل بنانا نہ صرف اخلاقی طور پر غلط ہے بلکہ قانونی طور پر بھی سنگین جرم شمار کیا جا سکتا ہے، خاص طور پر اگر اس کے ذریعے دھوکہ دہی یا بدنامی کی جائے۔

شناخت کی چوری یا آئیڈینٹیٹی تھیفٹ کے واقعات بھی تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ مجرم کسی کی ذاتی معلومات، شناختی کارڈ، تصاویر یا دیگر دستاویزات استعمال کر کے مالی فراڈ، جعلی رجسٹریشن یا غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو سکتے ہیں، جس کے سنگین نتائج متاثرہ شخص کو بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔

سوشل میڈیا پر کسی کو مسلسل دھمکیاں دینا، نازیبا پیغامات بھیجنا، تعاقب کرنا یا ذہنی دباؤ میں مبتلا کرنا سائبر اسٹاکنگ کہلاتا ہے۔ خواتین، نوجوانوں اور بچوں کو اس جرم کا سب سے زیادہ سامنا کرنا پڑتا ہے، اسی لیے ایسے معاملات میں فوری قانونی مدد حاصل کرنا ضروری ہے۔

آن لائن بلیک میلنگ بھی ایک تشویشناک مسئلہ ہے۔ بعض مجرم نجی تصاویر، ویڈیوز یا ذاتی معلومات حاصل کر کے متاثرہ شخص سے رقم، مزید تصاویر یا دیگر ناجائز مطالبات کرتے ہیں۔ ایسے مجرم اکثر خوف اور خاموشی کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔

کسی کی نجی تصاویر یا ویڈیوز اس کی اجازت کے بغیر شیئر کرنا یا انہیں سوشل میڈیا پر پھیلانا نہ صرف اخلاقی جرم ہے بلکہ قانونی طور پر بھی سخت کارروائی کا باعث بن سکتا ہے۔ ڈیجیٹل دنیا میں ہر شخص کی نجی زندگی کا احترام کرنا ہر صارف کی ذمہ داری ہے۔

ڈیٹا چوری بھی سائبر جرائم کی ایک اہم قسم ہے۔ اگر کوئی شخص کسی کمپنی، ادارے یا فرد کی معلومات بغیر اجازت حاصل کرتا ہے، انہیں کاپی کرتا ہے یا کسی اور کو فراہم کرتا ہے تو وہ قانونی کارروائی کی زد میں آسکتا ہے۔

کئی افراد غیر قانونی سافٹ ویئر، ہیکنگ ٹولز یا مشکوک موبائل ایپلی کیشنز استعمال کرتے ہیں، بغیر یہ جانے کہ ان میں سے بعض خود بھی قانون کی خلاف ورزی کا سبب بن سکتی ہیں یا ان کے ذریعے صارف کا ذاتی ڈیٹا چوری کیا جاسکتا ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ سائبر کرائم صرف کمپیوٹر ماہرین تک محدود نہیں۔ ایک عام موبائل صارف بھی اگر جان بوجھ کر کسی دوسرے کی نجی معلومات شیئر کرے، جعلی اکاؤنٹ چلائے یا کسی کو آن لائن ہراساں کرے تو وہ قانون کے مطابق ذمہ دار ٹھہرایا جاسکتا ہے۔

اگر کوئی شخص سائبر جرم کا شکار ہو جائے تو اسے خاموش رہنے کے بجائے تمام شواہد محفوظ کرنے چاہئیں۔ اسکرین شاٹس، چیٹ ریکارڈ، ای میلز، لنکس اور متعلقہ معلومات بعد میں قانونی کارروائی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔

پاکستان میں سائبر جرائم کی شکایات درج کرانے کے لیے متعلقہ اداروں سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ متاثرہ افراد آن لائن پورٹل، ہیلپ لائن یا قریبی متعلقہ دفتر کے ذریعے اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں تاکہ بروقت تحقیقات کا آغاز ہو سکے۔ والدین کی بھی اہم ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو محفوظ انٹرنیٹ استعمال کرنے کی تربیت دیں۔ بچوں کو یہ سمجھانا ضروری ہے کہ وہ اجنبی افراد سے بات چیت، ذاتی معلومات کی شیئرنگ یا مشکوک لنکس پر کلک کرنے سے گریز کریں۔

ہر انٹرنیٹ صارف کو مضبوط پاس ورڈ استعمال کرنے چاہئیں، دو مرحلہ جاتی تصدیق (Authentication Factor-Two) فعال رکھنی چاہیے اور اپنے موبائل یا کمپیوٹر کا سافٹ ویئر باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کرنا چاہیے تاکہ سیکیورٹی خطرات کم کیے جاسکیں۔

اسی طرح عوام کو چاہیے کہ وہ غیر مصدقہ ویب سائٹس، مشکوک ای میلز، جعلی انعامات، قرضوں یا ملازمت کی پیشکشوں پر فوری یقین نہ کریں کیونکہ یہی طریقے اکثر سائبر مجرم لوگوں کو اپنے جال میں پھنسانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

کاروباری اداروں کے لیے بھی سائبر سیکیورٹی اب ایک ضرورت بن چکی ہے۔ ملازمین کی تربیت، محفوظ نیٹ ورک، ڈیٹا بیک اپ اور مناسب حفاظتی اقدامات نہ صرف مالی نقصان سے بچاتے ہیں بلکہ صارفین کا اعتماد بھی برقرار رکھتے ہیں۔ قانون صرف مجرموں کو سزا دینے کے لیے نہیں بلکہ شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے بھی موجود ہے۔ اگر ہر فرد اپنی ذمہ داری کو سمجھے اور قانون کی پاسداری کرے تو سائبر جرائم میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔

ڈیجیٹل دنیا میں آزادی کے ساتھ ذمہ داری بھی ضروری ہے۔ ایک معمولی لاپروائی کسی شخص کی عزت، مالی حالت یا نجی زندگی کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے، جبکہ ایک ذمہ دار رویہ خود کو اور دوسروں کو محفوظ رکھ سکتا ہے۔

آج کی ضرورت یہی ہے کہ ہر شہری سائبر قوانین سے آگاہ ہو، اپنی آن لائن سرگرمیوں میں احتیاط اختیار کرے، دوسروں کی رازداری کا احترام کرے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دے۔ محفوظ ڈیجیٹل پاکستان اسی وقت ممکن ہے جب قانون، آگاہی اور ذمہ دارانہ رویہ ایک ساتھ آگے بڑھیں۔

احتجاج، دھرنے، لانگ مارچ اور مسائل کے عملی حل

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

پاکستان کو ایک طرف سخت معاشی بحران کا سامنا ہے تو دوسری طرف جماعت اسلامی اور پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے دھرنوں، احتجاج اور لانگ مارچ کے اعلانات کے باعث سیاسی کشیدگی میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ روپے کی قدر میں نمایاں کمی ہو چکی ہے، پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں ریکارڈ سطح پر پہنچ چکی ہیں، بجلی عام گھرانوں کی پہنچ سے باہر ہو گئی ہے اور کئی علاقوں میں آٹا، چینی، پکانے کا تیل اور دالیں دگنی قیمت پر مل رہی ہیں جس کی وجہ سے عام آدمی کا گزر بسر انتہائی مشکل ہو گیا ہے۔ جماعت اسلامی کی ایک طویل سیاسی تاریخ ہے، اس کے پاس فعال کارکنان کا ڈھانچہ اور مخصوص علاقوں میں مضبوط حمایت موجود ہے اور اس نے اسلامی معاشی نظام، آئی ایم ایف کے اثر و رسوخ، غریبوں پر ٹیکسوں کے بوجھ اور اشرافیہ کے لیے سادگی کی ضرورت پر تحفظات اٹھائے ہیں۔ تاہم، اس نے کوئی ایسا جامع منصوبہ پیش نہیں کیا جس میں یہ وضاحت کی گئی ہو کہ وہ قومی بجٹ، زرمبادلہ کے ذخائر، تجارتی خسارے اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے ساتھ معاہدوں کا نظام سنبھالتے ہوئے پٹرول کی قیمتوں یا مہنگائی میں کیسے کمی لائے گی۔ اس نے اپنے ماہرین کی جانب سے کوئی تفصیلی معاشی دستاویز، مرحلہ وار منصوبہ یا کوئی شیڈو بجٹ بھی پیش نہیں کیا جس سے ظاہر ہو سکے کہ وہ آمدن و اخراجات میں کیسے توازن پیدا کرے گی، بلکہ اس کے بجائے محض نعروں اور تقاریر پر انحصار کیا جا رہا ہے۔ پاکستانی عوام اس بات کو سمجھتے ہیں کہ معیشت ایک پیچیدہ معاملہ ہے، اس کا کوئی آسان حل نہیں ہے، نوٹوں کی بے تحاشا چھپائی شدید ترین مہنگائی کا باعث بن سکتی ہے اور قرضوں کی ادائیگی ہر صورت لازم ہے۔ وہ سچائی، حقیقت پسندانہ منصوبے، مشکل لیکن ضروری فیصلے اور غریب طبقات کا تحفظ چاہتے ہیں۔ احتجاج سے توجہ حاصل کی جا سکتی ہے اور ووٹ بھی مل سکتے ہیں، لیکن اس سے آٹے کی قیمتیں براہ راست کم نہیں ہو سکتیں، نہ ہی روزگار پیدا ہو سکتا ہے اور نہ سرمایہ کاری آسکتی ہے، بلکہ اس سے نقل و حمل کا نظام معطل ہونے اور مارکیٹوں تک سامان نہ پہنچنے کے باعث مہنگائی مزید بڑھ سکتی ہے۔ تحریک انصاف کو ایک مختلف لیکن اتنی ہی شدید صورتحال کا سامنا ہے، کیونکہ اس کے بانی و قائد عمران خان کرپشن اور نومئی کے واقعات سمیت دیگر متعدد قانونی مقدمات میں نامزد ہیں۔ خان صاحب کا موقف ہے کہ یہ مقدمات سیاسی انتقام پر مبنی ہیں، انہیں ناانصافی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے اور ان کے خلاف نظام کو استعمال کیا جا رہا ہے۔ ایسے دعوؤں کو عدالتوں کے سامنے ثبوت پیش کر کے، گواہوں پر جرح کر کے، ججوں کے سامنے دلائل دے کر، خلافِ توقع فیصلوں پر اپیلیں دائر کر کے اور قانونی فیصلوں کا احترام کر کے حل کیا جانا چاہیے۔ اس کے برعکس تحریک انصاف نے رعایتیں حاصل کرنے اور روزمرہ زندگی کو مفلوج کرنے کے لیے جلسوں، مارچ اور سٹریٹ پریشر جیسے حربوں کا راستہ منتخب کیا ہے، جس سے ایک قانونی تنازع کو سیاسی جنگ میں بدل دیا گیا ہے۔ سیاسی مقبولیت یا لوگوں کا ہجوم اکٹھا کر لینے کی صلاحیت سے کوئی شخص قانوناً بے گناہ ثابت نہیں ہوتا؛ کیونکہ عدالتیں مقدمات کا فیصلہ صرف ثبوتوں اور قانون کے مطابق کرتی ہیں۔ اگر تحریک انصاف یہ سمجھتی ہے کہ خان صاحب بے گناہ ہیں تو اسے ججوں کو ڈرانے، حکومت پر دباؤ ڈالنے یا نظام کو جام کرنے کی کوششوں کے بجائے مضبوط وکلاء، ثبوتوں، حقائق اور قانونی دلائل پر بھروسہ کرنا چاہیے، کیونکہ قانونی کارروائی پر اثر انداز ہونے کے لیے سڑکوں کی طاقت کا استعمال عدلیہ کی آزادی اور قانون کی حکمرانی کو کمزور کرتا ہے، جس سے بالآخر ہر شخص، بالخصوص کمزور طبقات، غیر محفوظ ہو جاتے ہیں۔ پاکستانی عوام بار بار کے احتجاجوں سے تھک چکے ہیں، انہیں تحریک انصاف کا 2014 میں اسلام آباد کا سودن سے زائد کا دھرنا اور 2022 اور اس کے بعد کے لانگ مارچ یاد ہیں۔ ان تحریکوں سے نہ تو روٹی یا بجلی سستی ہوئی، نہ روزگار کے مواقع پیدا ہوئے اور نہ ہی ہسپتالوں اور سکولوں کی حالت بدلی؛ بلکہ اس کے برعکس سیاسی عدم استحکام کے باعث معاشی نقصان ہوا، روپے کی قدر گری، سرمایہ کاروں میں غیر یقینی پھیلی اور بین الاقوامی سطح پر ملک کا امیج متاثر ہوا۔ اس کی قیمت محض ٹریفک میں رکاوٹ اور دکانیں بند ہونے تک محدود نہیں ہے: بلکہ احتجاج، دھرنے یا لانگ مارچ کا ہر ایک دن ترقی، تعلیم اور معاشی پیشرفت کے ضیاع کا دن ہوتا ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب پاکستان پہلے ہی حالات سنبھالنے کی جدوجہد کر رہا ہے، مسلسل احتجاج اور پارلیمنٹ کی مفلوج حالت ملک کی بحالی اور آگے بڑھنے کے راستے میں مزید رکاوٹ بن رہی ہے۔ صحت مند سیاست کا مطالبہ موجودہ نظام کو برقرار رکھنے کا مطالبہ نہیں ہے۔ یہ اس بات کا مطالبہ نہیں ہے کہ لوگ حکومت پر تنقید کرنا بند کر دیں۔ جمہوریت میں تنقید ضروری ہے۔ حکومت کا احتساب ہونا چاہیے۔ اپوزیشن کو ایک اہم کردار ادا کرنا ہے۔ لیکن وہ کردار صحیح طریقے سے ادا ہونا چاہیے۔ اپوزیشن کو متبادل حل پیش کرنے چاہئیں۔ اسے حکومتی پالیسیوں میں نقائص کی نشاندہی کرنی چاہیے۔ اسے اپنے حل پیش کرنے چاہئیں۔ اسے پارلیمنٹ کو اپنے پلیٹ فارم کے طور پر استعمال کرنا چاہیے۔ اسے عوام کو آگاہ کرنے کے لیے میڈیا کا استعمال کرنا چاہیے۔ اسے اپنی آواز پہنچانے کے لیے پرامن اور قانونی ذرائع استعمال کرنے چاہئیں۔ اسے جو کام نہیں کرنا چاہیے وہ ملک کو یرغمال بنانا ہے۔ اسے صرف انارکی کی خاطر انارکی پیدا نہیں کرنی چاہیے۔ اسے اپنے سیاسی مفادات کو قومی مفاد پر ترجیح نہیں دینی چاہیے۔ پاکستان کے عوام ایسے قائدین چاہتے ہیں جو اگلے الیکشن سے آگے کی سوچ رکھتے ہوں۔ وہ ایسے قائدین چاہتے ہیں جو اگلی نسل کے بارے میں سوچ سکتے ہوں۔ وہ ایسے قائدین چاہتے ہیں جو یہ سمجھتے ہوں کہ ان کے اقدامات کے نتائج ہوتے ہیں۔ وہ ایسے قائدین چاہتے ہیں جو بیٹھ کر بات چیت کرنے کے لیے تیار ہوں۔ وہ ایسے قائدین چاہتے ہیں جو وسیع تر مفاد کے لیے سمجھوتہ کرنے پر تیار ہوں۔ بالغ نظر سیاست ایسی ہوتی ہے اور عوام اسی کے حقدار ہیں۔ جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کو سمجھنا ہوگا کہ عوام کا مزاج بدل چکا ہے۔ ایک وقت تھا جب لوگ احتجاج کی ہر کال پر بڑی تعداد میں باہر نکل آتے تھے۔ ایک وقت تھا جب لانگ مارچ کی امید سے جوش و خروش پیدا ہوتا تھا لیکن وہ وقت گزر چکا ہے۔ لوگ اب تھک چکے ہیں۔ وہ اس خلل سے تھک چکے ہیں۔ وہ اس غیر یقینی صورتحال سے تھک چکے ہیں۔ وہ کسی اور کی سیاسی آگ کا ایندھن بننے سے تھک چکے ہیں۔ وہ امن چاہتے ہیں۔ وہ استحکام چاہتے ہیں۔ وہ مسلسل سیاسی ہلچل کے بغیر اپنی زندگی گزارنے کا موقع چاہتے ہیں۔ جو جماعتیں اس بات کو سمجھنے میں ناکام رہیں گی وہ اس کی قیمت چکائیں گی۔ جو جماعتیں سڑک کی سیاست کو جاری رکھیں گی وہ دیکھیں گی کہ سڑکیں خالی ہیں۔ لوگ گھروں میں رہیں گے۔ وہ باہر نہیں نکلیں گے۔ وہ کسی ایسی تحریک کی حمایت نہیں کریں گے جو ان کے لیے صرف مزید تکلیف لائے۔ پاکستان کی خاموش اکثریت اس لیے خاموش نہیں ہے کہ اس کی کوئی رائے نہیں ہے۔ وہ اس لیے خاموش ہے کیونکہ وہ اپنے مسائل حل کرنے کی سیاسی طبقے کی صلاحیت پر سے اپنا اعتماد کھو چکی ہے۔ وہ اس لیے خاموش ہے کیونکہ وہ اپنی بقا کی جدوجہد میں مصروف ہے۔ وہ اس لیے خاموش ہے کیونکہ وہ ایک ایسے لیڈر کی منتظر ہے جو اس کے حقیقی مسائل پر بات کرے۔ وہ ایک ایسے لیڈر کا انتظار کر رہی ہے جو نوکریوں، قیمتوں، تعلیم اور صحت کے بارے میں بات کرے۔ وہ ایک ایسے لیڈر کی منتظر ہے جو منصوبہ پیش کرے، نہ کہ احتجاج۔ پاکستان کے مسائل کا حل کسی دھرنے سے نہیں نکلے گا۔ یہ کسی لانگ مارچ سے نہیں نکلے گا۔ یہ راستے بند کرنے یا شہروں کو جام کرنے سے نہیں نکلے گا۔ حل سخت محنت سے نکلے گا۔ یہ سنجیدہ پالیسی سازی سے نکلے گا۔ یہ ایک ایسی حکومت سے نکلے گا جو سخت فیصلے کرنے کے لیے تیار ہو۔ یہ ایک ایسی اپوزیشن سے نکلے گا جو تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہو۔ یہ ایک ایسی عدلیہ سے نکلے گا جو آزاد اور غیر جانبدار ہو۔ یہ ایک ایسے میڈیا سے نکلے گا جو ذمہ دار اور معلومات فراہم کرنے والا ہو۔ یہ ایک ایسی سول سوسائٹی سے نکلے گا جو متحرک اور فعال ہو۔ یہ ان عوام سے نکلے گا جو صابر اور پرعزم ہیں۔ یہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے۔ یہی ترقی کا واحد راستہ ہے۔ انتشار کی سیاست ایک بند گلی ہے۔ یہ کہیں نہیں لے جاتی۔ یہ کچھ حل نہیں کرتی بلکہ صرف مزید مسائل پیدا کرتی ہے۔ جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کو اس راستے کو ترک کر دینا چاہیے۔ انہیں پارلیمنٹ میں واپس آنا چاہیے۔ انہیں اپنے خیالات پیش کرنے چاہئیں۔ انہیں مذاکرات میں شامل ہونا چاہیے۔ جہاں ممکن ہو انہیں حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے اور جہاں ضروری ہو اس کی مخالفت کرنی چاہیے۔ لیکن انہیں ایسا اس طریقے سے کرنا چاہیے جس سے ملک کو نقصان نہ پہنچے۔ انہیں ایسا اس طریقے سے کرنا چاہیے جس سے عام آدمی کو تکلیف نہ ہو۔ انہیں ایسا اس طریقے سے کرنا چاہیے جو قانون کی حکمرانی اور جمہوری عمل کا احترام ظاہر کرے۔ پاکستان کے عوام دیکھ رہے ہیں۔ وہ انتظار کر رہے ہیں۔ وہ امید لگا کر بیٹھے ہیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ سیاسی قیادت ان کی بات سنے۔ اب وقت آگیا ہے کہ وہ ذمہ داری سے کام لیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ وہ پاکستان کو سب سے پہلے رکھیں۔

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

پہلوانوں کے شہر سے
افتخار احمد چوہان
GUJRANWALA

چیمبر انتخابات: الیکشن کمیشن نے ضابطہ اخلاق جاری کر دیا

ڈی جی ڈی او کے تین افسران نگران مقرر

9 ستمبر بروز ہفتہ جناح اسٹیڈیم میں ایسوسی ایٹ (A) کلاس کی پولنگ ہوگی، پولنگ کے دن تاجروں اور صنعتکاروں کی سہولت کو ہر صورت مقدم رکھا جائیگا، شاہد نسیم مغل، قمر دلبر انصاری، شیخ محمد علی

موبائل فون پولنگ ہال کے اندر بند حالت میں جیب میں رکھنے کی اجازت ہوگی، تاہم فون آن یا استعمال کرنے پر ڈسپلنری ایکشن لیا جائے گا، الیکشن کمیشن نے میڈیا کی رسائی کیمپ تک رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے تمام ووٹرز سے اپنے جمہوری حقِ رائے دہی کے بھرپور اور پرامن استعمال کی اپیل کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سال 28-2026 کے سالانہ انتخابات کے سلسلے میں الیکشن کمیشن کے اراکین شاہد نسیم مغل، قمر دلبر انصاری اور شیخ محمد علی نے کہا ہے کہ پولنگ کے دن تاجروں اور صنعتکاروں کی سہولت کو ہر صورت مقدم رکھا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ 19 ستمبر بروز ہفتہ جناح اسٹیڈیم میں ایسوسی ایٹ (A) کلاس کی پولنگ ہوگی جس کیلیے 30 پولنگ بوتھ قائم کیے گئے ہیں اور ووٹرز کی کل تعداد 9221 ہے جس میں مزید 71 ووٹرز کا اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ 21 ستمبر بروز سوموار کارپوریٹ (C) کلاس کے 1096 ووٹرز کیلیے اسی مقام پر 15 پولنگ بوتھس کے تحت پولنگ ہوگی۔ شفافیت اور سہولت کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے ایک تاریخی فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ گوجرانوالہ چیمبر کی تاریخ میں پہلی بار ووٹرز کی بڑی تعداد اور امیدواروں کی شناخت کیلیے بیلٹ پیپر پر امیدواروں کی تصاویر پرنٹ کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یہ فیصلہ 8 دن پہلے خفیہ طور پر کر لیا گیا تھا۔ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ڈی جی ٹی او (DGTO) کی جانب سے 3 سرکاری ملازمین بطور نگران مقرر کیے گئے ہیں جبکہ گنتی والے مقامات پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب ہوں گے۔ الیکشن کمیشن نے پولنگ ڈے کے ضوابط کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ووٹرز کیلیے اصل قومی شناختی کارڈ، پاسپورٹ یا ڈرائیونگ لائسنس ساتھ لانا لازمی ہوگا، جبکہ 65 سال سے زائد عمر کے بزرگ ووٹرز اور خواتین کیلیے 1,1 مخصوص پولنگ بوتھ قائم کیا گیا ہے جہاں وہ اپنے کسی بھی قریبی رشتہ دار کو معاونت کے لیے ساتھ لا سکتے ہیں۔ موبائل فون پولنگ ہال کے اندر بند حالت میں جیب میں رکھنے کی اجازت ہوگی، تاہم فون آن یا استعمال کرنے پر ڈسپلنری ایکشن لیا جائے گا۔ الیکشن کمیشن نے میڈیا کی رسائی کیمپ تک رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے تمام ووٹرز سے اپنے جمہوری حقِ رائے دہی کے بھرپور اور پرامن استعمال کی اپیل کی۔

☆☆☆☆☆

ادیبوں شاعروں اور فنکاروں کی حوصلہ افزائی سازگار ماحول کی فراہمی ضروری

ادب اور ثقافت معاشرے کی فکری و تہذیبی شناخت کو اجاگر کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت شازیہ رضوان

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان نے پنجاب کونسل آف دی آرٹس کا دورہ کیا، جہاں انہیں کونسل کی کارکردگی، جاری سرگرمیوں، آئندہ کے منصوبوں اور بجٹ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس محمد عرفان نے پارلیمانی سیکرٹری کو ادارے کے انتظامی و مالی امور، ثقافتی سرگرمیوں اور فنونِ لطیفہ کے فروغ کیلیے کیجیانے والے اقدامات کے حوالے سے آگاہ کیا۔ میڈم شازیہ رضوان نے پنجاب کونسل آف دی آرٹس کے مختلف شعبہ جات کا بھی جائزہ لیا اور ادارے کی جانب سے فنکاروں، ادیبوں، شاعروں اور ثقافتی حلقوں کیلیے فراہم کی جانیوالی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ثقافتی سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے، مقامی فنکاروں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرنے اور نوجوان نسل کو فنونِ لطیفہ سے روشناس کرانے کی اہمیت پر زور دیا۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات وثقافت نے تنظیم بقائے ثقافت کے نمائندگان اور مختلف شعرا سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ، شعر و ادب کی سرپرستی، مقامی فنکاروں اور شعرا کو درپیش مسائل اور ثقافتی ورثے کے تحفظ سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میڈم شازیہ رضوان نے کہا کہ ادب اور ثقافت معاشرے کی فکری و تہذیبی شناخت کو اجاگر کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ادیبوں، شاعروں اور فنکاروں کی حوصلہ افزائی اور انہیں سازگار ماحول کی فراہمی ضروری ہے۔ انہوں نے پنجاب کونسل آف دی آرٹس کی

بعدالت جناب محمد بلال صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرارحق، بعنوان: زبیرا کمل بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام: فردوس بانو، رفعت طاہرہ دختران محمد اکمل ساکنان سیکٹر ایم مکان نمبر 20 گلی نمبر 14 بلاک C سٹی رائیونڈ روڈ لاہور بنام مدعاعلیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرارحق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہارازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 17-09-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..FW

بعدالت محمد بلال صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرارحق وغیرہ، بعنوان: عاطف علی بنام چیئرمین واپڈا وغیرہ

اشتہار بنام: چیئرمین واپڈا، واپڈا ہاؤس لاہور، XEN واپڈا لیسکو ڈویژن مرید کے تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ، ریونیو آفیسر واپڈا لیسکو ڈویژن مرید کے تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ، SDO واپڈا لیسکو سب ڈویژن سٹی مرید کے ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرارحق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہارازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 17-09-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..FW

بعدالت جناب محمد اجمل خاں صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ قصور

فاطمہ ریاض بنام محمد عمران

دعویٰ: تنسیخ نکاح۔ اشتہار بنام:۔

محمد عمران ولد صفت الٰہی سکنہ محلہ کھارا روڈ تحصیل و ضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 20-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگر ان کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Butta

بعدالت اسد رضا موہل صاحب تحصیلدار قصور

میمونہ بتول بنام محمد یونس وغیرہ

اجراء تقسیم۔ اشتہار بنام: محمد یونس ولد مظفر خاں، محمد یوسف ولد مظفر خاں، کشور سلطانہ دختر مظفر خاں، بشریٰ بیگم دختر مظفر خاں، نصرت خانم دختر مظفر خاں، خورشید بیگم زوجہ مظفر خاں راجپوت، شہزاد انجم ولد فضل قادر، فقیر حسین ولد فضل قادر، محبوب عالم ولد حسن محمد، محمد عدنان ولد محمد اعظم، عرفان اعظم ولد محمد اعظم، محمد اعظم ولد خوشی محمد، محمد عاصم ولد محمد اعظم، قاسم حسین ولد محمد اعظم اقوام کھوکھر سکنائے راؤ خانوالہ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 18-09-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Butta

بعدالت جناب تحصیل دار صاحب ریونیو حلقہ 37 ایس پی اربن تحصیل و ضلع پاکپتن

اشتہار انتقال وراثت، ہرگاہ خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد طفیل ولد نور محمد قوم کھرل سکنہ گلی نمبر 2 محلہ عزیز آباد تحصیل و ضلع پاکپتن جو کہ 20 مارچ 2019 کو بقضا الٰہی وفات پاچکا ہے جس کا رقبہ 3 7 ایس پی اربن کا وراثتی انتقال درج کیا جانا ہے، والد نور محمد والدہ خاتون بی بی پہلے فوت شد ہے، بازگشت وارثان میں انور بی بی بگزاراں بی بی بیوگان، گلفام، ابراہیم پسر، مہوش طفیل، کرن طفیل دختران زندہ اور حقیقی و شرعی وارث ہیں اگر انکے علاوہ کوئی وارث یا دعویدار تو واشاعت اخبار اشتہار اندرسات یوم زیر دستخطی سے رابطہ کرے بصورت دیگر انتقال پاس کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب عمر فاروق صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ دیپالپور

دعویٰ تعمیل مختص معاہدہ بیع معہ حکم امتناعی دوامی

عنوان: بلال احمد بنام عبدالستار وغیرہ

اشتہار بنام 1۔ عبدالستار ولد محمد دین 2۔ علی رضا ولد عبدالستار اقوام شیخ سا کنان محلہ مدھانوالہ حویلی روڈ حجرہ شاہ مقیم تحصیل دیپالپور 3۔ محمد حیات ولد احمد دین ذات جٹ لک سا کن کھرل چوک گورنمنٹ کالونی اوکاڑہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 19-09-2026 بوقت 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..FW

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل و ضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ نیاز احمد ولد مرید احمد سکنہ چک نمبر 56 ڈی تحصیل و ضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے، میرے نکاح نامہ میں میرے والد کا نام مرید احمد کی بجائے فرید احمد درج ہو گیا ہے، درست ولدیت کا اندراج نکاح نامہ اور یونین کونسل نمبر 1 پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب عمر فاروق صاحب سول جج دیپالپور

دعویٰ تعمیل مختص معاہدہ بیع معہ حکم امتناعی دوامی

عنوان: بلال احمد بنام عبدالستار وغیرہ

کو جلد حتمی شکل دینے کیلئے روزانہ اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر بدھ کو یہاں وزارت قانون وانصاف میں کمیٹی کا اجلاس وفاقی وزیرقانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیرصدارت ہوا جس میں وفاقی وزیر برائے توانائی اویس احمد خان لغاری، وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان اور متعلقہ وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں آٹو پالیسی کے مسودے پر تفصیلی غور کیا گیا اور پالیسی کو حتمی شکل دینے سے قبل تمام اہم امور کا جامع جائزہ لینے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں آٹو پالیسی پر تمام وزارتوں اور متعلقہ اداروں کے تحفظات پر شق وارغور کا فیصلہ کیا گیا جبکہ پالیسی کے حتمی مسودے کا قانونی، مالی اور انتظامی پہلوؤں سے جائزہ لینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں موصولہ تجاویز اور سفارشات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ آٹو اور آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی 31-2026 کو وزیراعظم کی منظور کردہ پالیسی ترجیحات سے ہم آہنگ رکھا جائے گا۔

بقیہ	سحر	7

ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ حج سکیم کے تحت بکنگ نشستوں کی دستیابی تک یا 20 نومبر 2026 تک جاری رہے گی۔ حج پورٹل پر 25 منظم کمپنیوں کی جانب سے اکانومی، اسٹینڈرڈ اور پریمیم حج پیکیج دستیاب ہیں، جن میں عازمین اپنی ضروریات کے مطابق پیکیج کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق نیشنل آئی ٹی بورڈ کے تیار کردہ حج پورٹل کے ذریعے 25 منظمین کے اکاؤنٹس میں حج واجبات کی مد میں 10 ارب روپے موصول ہوچکے ہیں، جس میں سے 4 ارب روپے سے زائد رقم آن لائن طریقہ کار کے ذریعے جمع کرائی گئی ہے۔ وزارت مذہبی امور نے عازمین حج کو خبردار کیا ہے کہ حج واجبات کی ادائیگی کے لیے صرف ''پاک حج ایپ'' یا ''حج پورٹل'' استعمال کریں۔ عازمین کسی غیر مجاز فرد یا کمپنی کو براہ راست رقم جمع نہ کرائیں تاکہ عازمین حج کسی قسم کی دھوکہ دہی یا مالی نقصان سے محفوظ رہ سکیں۔

بقیہ	سحر	8

حوثیوں کی جانب سے داغا گیا ڈرون مکہ کی فضائی حدود میں داخل ہونے سے پہلے روک کر تباہ کر دیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ اس دشمن ڈرون کو مکہ المکرمہ کے جنوب میں روکا گیا، یہ مکہ کو نشانہ بنانے کی دوسری کوشش ہے۔ عسکری اتحاد کے ترجمان نے حوثیوں پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے دنیا بھر سے مکہ میں آنے والے لاکھوں مسلمان زائرین میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوشش کی ہے، اتحادی افواج کی مشترکہ کمان حوثی ملیشیا اور اس کے دہشت گردانہ رویے کے خلاف ضروری اقدامات کرنے میں کسی قسم کی ہچکچاہٹ کا مظاہرہ نہیں کرے گی۔ میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ اس سے پہلے 27 جولائی 2017 کو بھی بیلسٹک میزائل کے ذریعے مکہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی تھی۔

بقیہ	سحر	9

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں شامل کسی ایک ملک پر حملے کی صورت میں تیئوں ممالک باہمی مشاورت سے رد عمل کا لائحہ عمل طے کریں گے اور پھر اسی کے مطابق اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اپنی فوجی طاقت میں اضافے کے لیے بڑے پیمانے پر وسائل خرچ کر رہا ہے

بقیہ	سحر	10

کے اچانک دورے کیئے، وفاقی وزیر نے پیٹرول پمپس پر عوام سے سکیم کے حوالے سے براہِ راست گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موقع پر موجود شہریوں کو رجسٹریشن اور ترتیب کے بارے میں تفصیل سے سمجھایا۔ وفاقی وزیر نے انتظامیہ اور پیٹرول پمپ مالکان کو سخت ہدایات جاری کی کہ پمپس کو پابند بنایا جائے اور شہریوں کو بلا تعطل سہولت فراہم کی جائے۔ وفاقی وزیر نے رعایتی پیٹرول دینے میں تاخیر یا انکار کرنے والے پیٹرول پمپس کی سخت مانیٹرنگ کی ہدایت کی۔

بقیہ	سحر	11

تاحال صرف دو سو کے لگ بھگ تاجروں نے گوشوارے فائل کیے ہیں۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آسان ٹیکس اسکیم کے تحت تاجروں کی جانب سے جمع کرائے گئے گوشوارے مقررہ اہداف سے کم رہے، جس کے باعث ایف بی آر کی فیلڈ فارمیشنز کو تاجروں کی رجسٹریشن کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق چھوٹے تاجروں کو رجسٹریشن کے لیے 30 ستمبر کے بعد رجسٹریشن کرانے پر بھی ریلیف ملے گا، جبکہ آسان ٹیکس اسکیم کے تحت 5 ہزار تاجروں نے ایپ میں رجسٹریشن حاصل کرلی ہے۔ آسان ٹیکس اسکیم کا بنیادی مقصد چھوٹے کاروباروں اور دکانداروں کو ٹیکس نیٹ میں لانا ہے

بقیہ	سحر	12

کے لئے اہم پیش رفت ہوئی ہے، جدید طریقہ کاشت کے ذریعے معیاری آلو کے بیج کی پیداوار پاکستان کی غذائی ضروریات پوری کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ وہ بدھ کو یہاں قومی زرعی تحقیق مرکز اسلام آباد میں آلو کے بیج کی پیداوار کے پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان مہنگے درآمدی آلو کے بیج پر انحصار کم کرنے کے لئے مقامی پیداوار کو فروغ دے رہا ہے، پاکستان میں سالانہ ایک لاکھ 60 ہزار ٹن مصدقہ آلو کے بیج کی پیداوار کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی طور پر تیار ہونے والا مصدقہ آلو کا بیج ملک کی مجموعی ضرورت کا تقریباً ایک تہائی پورا کرے گا، بیماریوں سے پاک معیاری بیج کی دستیابی سے آلو کی پیداوار میں اضافہ اور کسانوں کی آمدن میں بہتری آئیگی۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ جدید زرعی طریقوں کو تحقیقی مراکز سے کسانوں اور نجی شعبے تک منتقل کیا جائے گا۔

بقیہ	سحر	13

باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے پاکستان اور فرانس کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سفیر نکولس گالے کی خدمات کو سراہا۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان فرانس کے ساتھ دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوطی اور وسعت دے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے سیاسی روابط، اقتصادی تعاون، ترقیاتی شعبے میں تعاون اور عوامی سطح پر روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ ملاقات میں دونوں جانب سے اعلیٰ سطح پر باقاعدہ روابط کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ علاقائی اور عالمی امور پر باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے فرانسیسی صدر ایمانوئیل میکرون کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے سفیر نکولس گالے کے لیے مستقبل کی ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ	سحر	14

تعصب زدہ سوچ کا سامنا کرنا پڑ

بقیہ	سحر	15

فوجی مشقوں کا انعقاد کیا جارہا ہے، افغانستان سے پنپتی دہشتگردی سے نمٹنے کے لیے وسطی ایشیا کی تنظیم کلیکٹو سیکیورٹی ٹریٹی آرگنائزیشن کے زیراہتمام جنگی مشقیں جاری ہیں۔ وسطی ایشیا کے امور پر نظر رکھنے والے معروف جریدے دی ٹائمز آف سینٹرل ایشیا کے مطابق قازقستان میں فوجی مشقوں کا مقصد افغانستان سے عسکریت پسندوں کی دراندازی کا خاتمہ اور سرحدی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا ہے۔ ٹائمز آف سینٹرل ایشیا کے مطابق افغانستان سے بڑھتے سرحدی خطرات پر تاجکستان پہلے ہی ہنگامی بنیادوں پر اضافی سیکیورٹی تعاون کا مطالبہ کرچکا ہے۔ تاجک اہلکاروں کی ہلاکتوں کے بعد افغانستان سے بڑھتے دہشتگردی کے خطرات پر تشویش بڑھ چکی ہے۔ دفاعی ماہرین نے اس سلسلے میں بتایا کہ سی ایس ٹی او کی رویرہ 2026 مشقیں افغان طالبان رجیم کی دہائیوں سے جاری شدت پسندی اور عدم استحکام کی پالیسیوں کا براہ راست نتیجہ ہیں۔

بقیہ	سحر	16

سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشتگردی کے ساتھ ایک منظم 'ٹیرر کرائم نیٹ ورک' بھی سرگرم ہے، جو اسمگلنگ، منشیات، غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات اور اسلحے کی فراہمی سمیت مختلف غیر قانونی سرگرمیوں کے ذریعے دہشت گرد کارروائیوں کو سہولت فراہم کرتا ہے۔

بقیہ	سحر	17

صومالیہ کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ترقی پذیر ممالک کے درمیان باہمی تجربات اور عملی حل کا تبادلہ ناگزیر ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں صومالیہ۔ پاکستان پیئر لرننگ پروگرام برائے بنیادی شناخت اور ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر کی اختتامی تقریب سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ	سحر	18

میں جاری ترقیاتی، اپ لفٹنگ اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ان اقدامات کا مقصد ڈیلیویبلک انکلیو میں سیکیورٹی، لینڈ اسکیپنگ، بنیادی ڈھانچے، فعالیت اور مجموعی ماحول کو مزید بہتر بنانا ہے۔

بقیہ	سحر	19

پنجاب مریم نواز نے اوزون کے تحفظ کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اوزون کی تہہ سورج کی خطرناک شعاعوں کے خلاف قدرتی ڈھال کا کام کرتی ہے، ماحولیاتی تبدیلیوں سے بچاؤ کے لیے اوزون کے تحفظ کے اقدامات ضروری ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ ہماری ذمہ داری ہی نہیں بلکہ عبادت بھی ہے، پہلی مرتبہ پنجاب میں گرین فیوچر کے لیے جامع ماحولیاتی پالیسی نافذ کی گئی ہے،

بقیہ	سحر	20

لہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق امریکہ میں قائم کمپنی پاورس کے وفد نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا، وفد نے آرمی چیف، چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق امریکی وفد کی قیادت رابرٹ بریٹ ویلیکوبیچ نے کی، ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، دفاعی ٹیکنالوجی میں بدلتے ہوئے رجحانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دفاعی ساز وسامان کی خریداری، تیاری اور استعداد کار بڑھانے کے شعبوں میں تعاون کے امکانات پر بھی گفتگو کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل نے قومی سلامتی اور ملکی استعداد و مضبوطی کو مزید مستحکم کرنے میں تکنیکی جدت اور جدید حل کی اہمیت پر زور دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون اور روابط کو مزید فروغ دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ	سحر	21

معاونت کیلئے جامع حکمت عملی وضع کرے، سمیڈا کی کاروبار کے فروغ کی حکمت عملی میں زیادہ سے زیادہ علاقوں اور شعبہ جات کو شامل کیا جائے۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم کی زیرصدارت چھوٹے اور درمیانے درجے کے صنعتوں اور کاروباری افراد کی مالی معاونت اور سہولیات کی فراہمی کے لیے سمیڈا کی زیرنگرانی جاری اقدامات پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔

بقیہ	سحر	22

نے عہدے داروں اور ڈیلرز کے ہمراہ کراچی میں کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی حکومت کی فیول سبسڈی کے پروگرام پر تحفظات کا اظہار کردیا۔ واٹس چیئرمین انور کمال نے کہا کہ سبسڈی شدہ رقم کی ادائیگی کے طریقے کی وضاحت تک ڈیلرز اس اسکیم کا حصہ نہیں بنیں گے، زبردستی کی گئی توفیول اسٹیشنز بند کردیں گے۔ حکومت نے ڈیلرز سے مشاورت کے بغیر فیول ریلیف اسکیم وضع کرلی، ریلیف اسکیم کا خیر مقدم کرتے ہیں تاہم اس پر تحفظات ہیں، عوام کو براہ راست اور آسان طریقے سے ریلیف دیا جائے۔ چیئرمین ملک خدا بخش نے کہا کہ فیول ریلیف کا اقدام قابل تعریف ہے لیکن ہمیں اس اسکیم کے طریقہ کار پر اعتراض ہے، سبسڈی شدہ رقم کی ادائیگی کون کرے گا، تاحال حکومت نے اس بارے میں کچھ واضح نہیں کیا، ڈیلرز کو بتایا جائے ڈیلرز کو سبسڈی کون ادا کرے گا۔

بقیہ	سحر	23

پر اٹارنی جنرل سے معاونت طلب کرلی، اٹارنی جنرل ہماری معاونت کریں کہ وفاقی آئینی عدالت کیسے کیس سن سکتی ہے؟ سپریم کورٹ کے جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے عمران خان کی پٹیشن منتقلی سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ جسٹس شاہد وحید نے استفسار کیا کہ فریقین کی جانب سے کمرۂ عدالت میں کوئی نہیں؟ جس پر عدالتی عملے نے بتایا کہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل رانا اسد کی حاضری لگی ہوئی ہے

بقیہ	سحر	24

سیکرٹریٹ کے کریڈ پی پی ایس 1 سے بی پی ایس 7 تک کے دو ملازمین کے لئے فراہم کی جانے والی مفت حج سہولت کے سلسلے میں قرعہ اندازی کا افتتاح کیا۔

بقیہ	سحر	25

میں استعمال ہورہا ہے، اگلے سال اپریل مئی تک اس نظام کا ریگولیٹری فریم ورک دیں گے، ملک میں بجلی کی کوئی اضافی لوڈشیڈنگ نہیں ہورہی۔ اویس لغاری کا کہنا ہے کہ نیٹ میٹرنگ سسٹم تبدیل کرنے سے لوگوں نے بیٹریاں لگانا شروع کی ہیں، 3 یا 4 لاکھ لوگوں کا بوجھ باقی ساڑھے 3 کروڑ لوگوں پر ڈالنے سے روکا ہے۔

بقیہ	سحر	26

گے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ امت مسلمہ پوری شدت سے اس حملے کا بھرپور جواب اور سعودی عرب کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان ممالک بالخصوص پاکستان اس نازک اور مشکل وقت میں سعودی عرب اور حرم مکی کے تحفظ میں صف اول کا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ کے حوالے سے واضح پالیسی کا فوری اعلان کرے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ امت مسلمہ کو آئے روز درپیش چیلنجز سے مضبوط اور مؤثر اسلامی بلاک کے قیام کی ضرورت پہلے سے بڑھ کر محسوس کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام کے لاکھوں کارکن مملکت سعودیہ پر حملے کے دکھ درد میں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حملے نے امریکہ اور مغربی دنیا کے دوغلے رویے کو ایک بار پھر بے نقاب کردیا۔

بقیہ	سحر	27

گردی اور انسدادِ منشیات کے حوالے سے مشترکہ اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پولیس ٹریننگ ایکسچینج پروگرام اور فورسز کو جدید ٹیکنالوجی و آلات کی فراہمی سے متعلق باہمی تعاون کو مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر اس بات پر بھی اتفاق رائے ہوا کہ چین پاکستان میں جدید طرز کے لا انفورسمنٹ سینٹر کے قیام میں بھرپور تکنیکی و لاجسٹک تعاون فراہم کرے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ مجوزہ لا انفورسمنٹ سینٹر پاک۔ چین لازوال دوستی کی ایک اور روشن علامت ثابت ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عصرِ حاضر کے سیکیورٹی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے چینی آرٹیفیشل انٹیلی جنس بیسڈ ٹیکنالوجی اور جدید آلات سے انتہائی مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان چین کے ساتھ داخلی سلامتی سے متعلق تمام شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے

بقیہ	سحر	28

وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اس اقدام کی شدید مذمت کرتا ہے، یہ اقدام سعودی عرب کی علاقائی خودمختاری اور سالمیت کی خلاف ورزی ہے جبکہ اس سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ یہ اقدام علاقائی امن اور سلامتی کیلئے بھی خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین کے تقدس وسلامتی اور زائرین، شہریوں اور رہائشیوں کے تحفظ کے لئے سعودی عرب کے عوام اور اس کی قیادت کے ساتھ کھڑا ہے۔

بقیہ	سحر	29

حوالے سے خطاب کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کسی بھی ملک کا نام لیے بغیر دریاؤں میں اچانک پانی کی آمد اور پانی روکنے جیسے مسائل کو اجاگر کیا۔ کانفرنس ہال میں بھارتی مندوبین بڑی تعداد میں موجود تھے۔ بھارتی مندوبین پورے انہماک سے خطاب سنتے رہے۔

بقیہ	سحر	30

اور اس کی قیادت کی جانب سے ڈاکٹر محمد نجیب لقمی کو اس نامزدگی پر مبارک پیش کرتے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کی اعلیٰ قیادت اور قائد نواز شریف نے پارٹی مشاورت کے بعد ڈاکٹر نجیب لقمی کے نام کی منظوری دی۔ ڈاکٹر نجیب لقمی کا تعلق آزاد کشمیر کے پونچھ ڈویژن کے حلقہ سدھنوتی اپلندری سے ہے، وہ آزاد کشمیر کے سیاسی منظر نامے میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں اور ماضی میں بطور وزیر حکومت مختلف اہم وکلیدی وزارتوں پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ واضح رہے کہ قبل ازیں آزاد جموں وکشمیر میں آئینی عمل کو آگے بڑھاتے ہوئے چیف الیکشن کمشنر نے گزشتہ روز ریاست کے نئے صدر کے انتخاب کا باقاعدہ شیڈول جاری کردیا تھا، جس کے تحت نئے صدرِ ریاست کا انتخاب 24 ستمبر 2026ء کو عمل میں لایا جائے گا۔

بقیہ	سحر	31

پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے نیا نوٹم جاری کردیا ہے۔ نوٹم کے مطابق بھارتی رجسٹرڈ طیاروں کے لیے پاکستان نے اپنی فضائی حدود 23 اکتوبر 2026 تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نوٹم میں کہا گیا ہے کہ بھارت کے تمام رجسٹرڈ ملٹری اور کمرشل طیارے پاکستان کی فضائی حدود استعمال نہیں کرسکتے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے بھارت کے لیے اپنی فضائی حدود 23 اپریل 2025 سے بند کر رکھی ہے۔

بقیہ	سحر	32

(ایم او یو) کو مزید موثر بنانے کے لیے ایک ایڈنڈم (ضمیمے) پر دستخط کیے۔ اس ایڈنڈم پر سیکرٹری سی سی پی محترمہ مریم پرویز اور ڈائریکٹر جنرل (ایس آئی ڈی) نیب محمد طاہر نے دستخط کیے۔ اس موقع پر چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد، چیئرمین سی سی پی فرید احمد تارڑ اور دونوں اداروں کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ یہ ضمنی معاہدہ پی اے سی اے کے پلیٹ فارم سے جامع استعدار کار میں اضافے کے اقدامات، خصوصی تربیت اور تکنیکی تعاون پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے باہمی ادارہ جاتی اشتراک کو مزید فروغ دیتا ہے۔ ابتدائی طور پر مارکیٹ میں عدم تعاون، ملی بھگت سے کی جانے والی خریداری اور مسابقت مخالف کارٹیلز کے خلاف کوششوں کو ہم آہنگ کرنے کے لیے بنائے گئے اس توسیع شدہ شراکت داری کا مقصد اب ان اہم شعبوں کو نشانہ بنانا ہے جن میں مسابقت کے قانون اور انسداد بدعنوانی پر مشترکہ ورکشاپس، ماہرینِ فن اور تفتیش کاروں کا تبادلہ، اور بولی میں دھاندلی اور مارکیٹ میں ہیرا پھیری کا پتہ لگانے کے لیے باہمی کوششیں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، دونوں ادارے تحقیقی اقدامات، پالیسی مباحثوں، اور مشترکہ تربیتی ماڈیولز اور کیس اسٹڈیز کی تیاری میں بھی شراکت داری کریں گے۔ اصل ایم او یو کی دیگر تمام شرائط بدستور برقرار رہیں گی۔

بقیہ	سحر	33

ایکو پمنٹ میں نظرثانی اور ماحول دوست طریقے سے بحری جہازوں میں موجود مضر مواد کے انتظام سے متعلق بل 2026 کی منظوری شامل ہے۔ صدرِ مملکت نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کی اسٹاف نرس رضیہ نورین کو تمغہ شجاعت دینے کی منظوری بھی دی، جنہوں نے پمز میں آتشزدگی کے واقعے کے دوران اپنی جان خطرے میں ڈال کر واحد زندہ بچنے والے بچے کو بحفاظت باہر نکالا۔

بقیہ	سحر	34

کہا کہ مقدس مقامات کے تقدس کی خلاف ورزی ایک ناقابل قبول اور ناقابل برداشت اقدام ہے، جس کا ارتکاب کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کرنا اور ایسے اقدامات کا راستہ روکنا ضروری ہے۔ تنظیم نے سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ریاض کی جانب سے اپنی سلامتی، خودمختاری اور مقدس مقامات کے تحفظ کیلئے کئے جانے والے اقدامات کی حمایت کی جاتی ہے۔

بقیہ	سحر	35

(این سی سی آئی اے) کے ترجمان کے مطابق ملزم کے قبضے سے 3 موبائل فون برآمد ہوئے ہیں جنہیں مزید ڈیجیٹل شواہد کے لیے فورنزک تجزیے کے لیے بھجوا دیا گیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ملزم کے غلط اور بے بنیاد مواد پھیلانے میں ملوث ہونے کے شواہد سامنے آ گئے ہیں۔ قومی مرکز برائے سائبر جرائم کے ترجمان نے کہا کہ انٹرنیٹ پر قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ	سحر	36

حملے کی کوشش کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ ایسا کوئی اقدام قطعی طور پر ناقابلِ قبول اور پوری امتِ مسلمہ کے جذبات کو شدید مجروح کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نیکہا کہ حرمین شریفین کا تقدس ہر مسلمان کے ایمان اور عقیدے کا لازمی و بنیادی جزو ہے۔ عبدالعلیم خان نے سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان برادر اسلامی ملک سعودی عرب اور مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے ہر محاذ پر ساتھ کھڑا ہے اور اس معاملے میں کسی طور پیچھے نہیں رہے گا۔ صدر استحکامِ پاکستان پارٹی نے مشرقِ وسطیٰ کی مجموعی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خطہ پہلے ہی سنگین خطرات اور بے یقینی کی زد میں ہے، اس لیے خطے میں دیرپا امن و استحکام کے لیے کشیدگی اور تشدد کا راستہ فوری ترک کیا جانا چاہیے

بقیہ	سحر	37

بہتر اور محفوظ بنایا گیا ہے۔ وفاقی وزیر صحت کے مطابق رواں سال 8 ہزار سوالات پر مشتمل سوالاتی بینک تیار کیا گیا ہے اس مقصد کیلئے ملک بھر سے تقریباً 80 ماہرین کی خدمات حاصل کی گئیں

بقیہ	سحر	38

حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ پٹرولیم لیوی کا فیصلہ حکومت کو ہر صورت واپس لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایک مخصوص ٹولہ ملک کو لوٹ رہا ہے، اگر نوجوان باہر نکل آئے تو یہ لوگ نہیں ٹھہر سکیں گے

بقیہ	سحر	39

آئس برآمد ہوئی، برآمد کرسٹل آئس کی مالیت 60 لاکھ روپے سے زائد ہے، ہلاک ملزم کے قبضے سے پسٹل بھی برآمد کرلیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق ہلاک ملزم کی شناخت عبدالمالک ولد جمعہ خان کے نام سے ہوئی، ہلاک ملزم کا تعلق ضلع مستونگ بلوچستان سے ہے۔

بقیہ	سحر	40

بس تقریباً ہر 30 منٹ بعد آتی ہے، جس کے باعث ایک بس کے انتظار میں بڑی تعداد میں مسافر جمع ہو جاتے ہیں۔ بس پہنچنے پر رش اتنا بڑھ جاتا ہے کہ بالخصوص خواتین، بزرگوں اور بچوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بعض اوقات مسافروں کو گنجائش نہ ہونے کے باعث اگلی بس کا انتظار کرنا پڑتا ہے، جس سے وقت کے ضیاع کے ساتھ سفری پریشانی بھی بڑھ جاتی ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام اور بالخصوص چیئرمین سی ڈی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ پمز تا میڈیا ٹاؤن روٹ پر الیکٹرک بسوں کے درمیان وقفہ 30 منٹ سے کم کرکے 10 منٹ کیا جائے تاکہ بڑھتے ہوئے مسافروں کے دباؤ کو کم کیا جاسکے اور خواتین سمیت تمام شہریوں کو باعزت، محفوظ اور بروقت سفری سہولت میسر آسکے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہ

او آئی سی کی مقدس مقامات پر حملوں کی مذمت، سعودیہ سے مکمل یکجہتی کا اعلان

اوآئی سی کے جنرل سیکرٹریٹ کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کیا گیا ہے کہ ان حملوں سے بے گناہ شہری خوفزدہ ہوئے، مقدس مقامات اور مساجد کا تقدس پامال ہوا اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے

مقدس مقامات کے تقدس کی خلاف ورزی ایک ناقابل قبول اور ناقابل برداشت' اقدام ہے، جس کا ارتکاب کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کرنا اور ایسے اقدامات کا راستہ روکنا ضروری ہے، اسلامی تعاون تنظیم

جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) نے مکہ اور مدینہ ریجن پر حوثیوں کے گھناؤنے حملوں اور سعودی عرب کے خلاف جارحیت کی مذمت کی ہے۔ اوآئی سی کے جنرل سیکرٹریٹ کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کیا گیا ہے کہ ان حملوں سے بے گناہ شہری خوفزدہ ہوئے، مقدس مقامات اور مساجد کا تقدس پامال ہوا اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے۔ بیان میں کہا گیا کہ مقدس مقامات، مساجد اور شہری تنصیبات کے خلاف حوثی ملیشیا کی کارروائیاں ایسی دہشت گردی ہیں جو اسلامی اقدار، بین الاقوامی اصولوں اور قانون کے منافی ہیں۔ اسلامی تعاون تنظیم نے مزید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام کے وفد کا گروپ فوٹو



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ملک گھیراؤ جلاؤ اور مارا ماری کا متحمل نہیں ہوسکتا، نیئر حسین بخاری

زبردستی یا جبر سے کسی کی رہائی ہوسکتی نہ ہی جیلیں توڑی جاسکتیں ہیں، جس کا جی چاہے دارالخلافہ پر چڑھائی کردے ایسا ممکن نہیں

40 لاکھ بندے نکالنا آسان کام نہیں ہے، پنجاب سے بندے نہ بلوانا فیس سیونگ کے سوا کچھ نہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ ملک گھیراؤ جلاؤ اور مارا ماری کا متحمل نہیں ہوسکتا، زبردستی یا جبر سے کسی کی رہائی ہوسکتی نہ ہی جیلیں توڑی جاسکتیں ہیں، جس کا جی چاہے دارالخلافہ پر چڑھائی کردے ایسا ممکن نہیں۔ اپنے بیان میں نیئر حسین بخاری نے کہا کہ پی ٹی آئی کو ریلیف چاہئے تو عدلیہ سے ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ سے ریلیف ملے تو اس کے معترف بن جاتے ہیں، فیصلہ خلاف آجائے تو پی ٹی آئی عدلیہ کے خلاف محاذ کھڑا کردیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی میں یکساں مؤقف نہیں دھڑوں میں منقسم ہے، پی ٹی آئی کا ماضی میں بھی رویہ اور طرز عمل غیر سیاسی رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں خیبر پختون خواہ کے تمام تر وسائل اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

طارق فضل چوہدری کی مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی شدید مذمت

حرمین شریفین کسی جنگ کا میدان نہیں، مقدس مقامات کو سیاسی یا عسکری عزائم کے لیے نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی، امن اور حرمت پوری دنیا کے مسلمانوں کے لیے مقدس اور ناقابلِ سمجھوتہ معاملہ ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کوشش اسلام کی مقدس ترین سرزمین کی حرمت کی پامالی ہے۔ بدھ کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کسی جنگ کا میدان نہیں، مقدس مقامات کو سیاسی یا عسکری عزائم کے لیے نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کو نشانہ بنانا یا ان کی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے کی کوشش ناقابلِ جواز اور ناقابل قبول ہے، اس بزدلانہ، اشتعال انگیز اور شرمناک کوشش کی شدید ترین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پولیو اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد پولیس کے 53 افسران ڈیپوٹیشن پر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی میں تعینات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کے لیے اسلام آباد پولیس سے تین سالہ ڈیپوٹیشن پر تبدیل کیے گئے 53 افسران و اہلکاروں نے جوائننگ دے دی جنہیں این سی سی آئی اے کے مختلف یونٹس میں تعینات کرکے ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ نیشنل سائبر کرائم کی کمانڈ تبدیل ہوئی ڈی جی سید خرم علی کو تبدیل کرکے ڈی جی نیشنل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لاہور ہائیکورٹ کا اہم فیصلہ، سرکاری ملازمین کو سول ایوارڈز دینے کیخلاف درخواست خارج

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے سرکاری ملازمین اور عوامی عہدہ رکھنے والے افراد کو سول ایوارڈز دینے کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

یونیورسٹی آف مکران پنجگور میں نئے صوبوں، انتظامی یونٹس اور طرزِ حکمرانی کے مستقبل پر اہم مذاکرہ

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) یونیورسٹی آف مکران پنجگور میں نئے صوبوں، انتظامی یونٹس اور طرز حکمرانی کے مستقبل پر اہم مذاکرہ ہوا جس میں سیاسی، تعلیمی، صحافتی، سماجی حلقوں کے ماہرین اور طلبا و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مذاکرے میں ملک بالخصوص بلوچستان میں انتظامی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

جہلم میں تین بچوں کو نہر میں پھینکے جانے کا افسوسناک واقعہ، سرچ آپریشن جاری، نہر میں پانی کا بہاؤ بھی تیز ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) پنجاب کے شہر جہلم میں تین بچوں کو نہر میں پھینکے جانے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔ بچوں کو نہر میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

مذکورہ روٹ پر الیکٹرک بس تقریباً ہر 30 منٹ بعد آتی ہے، شہری

روٹ پر 136 نمبر کی گاڑیوں کا سلسلہ ختم ہونے کے بعد الیکٹرک بسوں پر مسافروں کا دباؤ غیر معمولی حد تک بڑھ گیا ہے

اسلام آباد (عباس ملک) پمز سے میڈیا ٹاؤن تک چلنے والی الیکٹرک بس سروس، جو شہریوں کو جدید، آرام دہ اور باعزت سفری سہولت فراہم کرنے کے مقصد سے شروع کی گئی تھی، موجودہ صورتحال میں عوام کے لیے سہولت کے بجائے مشکلات کا باعث بن رہی ہے۔ اس روٹ پر 136 نمبر کی گاڑیوں کا سلسلہ ختم ہونے کے بعد الیکٹرک بسوں پر مسافروں کا دباؤ غیر معمولی حد تک بڑھ گیا ہے، جبکہ بسوں کے درمیان طویل وقفہ شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مذکورہ روٹ پر الیکٹرک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

پاکستان سے چرا کر امریکا اسمگل کی گئی 36 نوادرات حکومت پاکستان کو واپس

نیویارک کاؤنٹی ڈسٹرکٹ کے اٹارنی آفس میں تقریب، پاکستانی قونصل جنرل عامر احمد اتوزئی نے معاہدے پر دستخط کیے

اسلام آباد، نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سے چرا کر امریکا اسمگل کی گئی 36 نوادرات حکومت پاکستان کو واپس دیدی گئیں، یہ نوادرات اب پاکستان لائی جائیں گی۔ نیویارک کاؤنٹی ڈسٹرکٹ کے اٹارنی آفس میں تقریب ہوئی جس میں نیویارک میں پاکستان کے قونصل جنرل عامر احمد اتوزئی نے اس حوالے سے معاہدے پر دستخط کیے۔ ان نوادرات میں سے ایک یلشی کی Grey Schist Figure چوتھی صدی عیسوی سے تعلق رکھتی ہے جبکہ پینتیس Terracotta Fertility Figures ہیں جو کہ دو ہزار سات سو سے تین ہزار قبل مسیح سے تعلق رکھتی ہیں۔ قونصل جنرل نے کہا کہ چرائی گئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ غیر ضروری درخواست پر برہم، ایک لاکھ روپے جرمانہ

شہری اشبا کامران کی وزیر اعلیٰ چیف سیکرٹری اور سپیکر کیخلاف دائر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت عدالت برہمی کا اظہار

لاہور (کورٹ رپورٹر) غیر ضروری اور بے بنیاد درخواست دائر کرنے پر لاہور ہائیکورٹ کی چیف جسٹس عالیہ نیلم نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے درخواست گزار پر ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد کردیا اور عدالت نے قرار دیا ہے کہ جرمانہ جمع کرانے کے بعد ہی کیس کی سماعت کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق دوران سماعت چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیے کہ پہلے ایک لاکھ روپے جرمانہ جمع کروائیں، پھر آپ کا کیس سنوں گی۔ چیف جسٹس نے شہری اشبا کامران کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب اور سپیکر پنجاب اسمبلی کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

پمپ اونرز ایسوسی ایشن کا پیٹرول پر حکومتی ریلیف پیکیج سے لاعلمی کا اظہار

حکومت کی 100 روپے سبسڈی پر اب کسٹمر اور پیٹرول پمپ اونرز آپس میں لڑیں گے، چیئرمین پمپ اونرز ایسوسی ایشن

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرمین آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن ہمایوں خان نے پیٹرول پر حکومتی ریلیف پیکج سے متعلق لاعلمی کا اظہار کیا ہے اس حوالے سے ہمایوں خان نے کہا کہ پیٹرول پر 100 روپے سبسڈی کے پیکج کا ہمیں نہیں معلوم، حکومت کی 100 روپے سبسڈی پر اب کسٹمر اور پیٹرول پمپ اونرز آپس میں لڑیں گے۔ ادھر پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نعمان بٹ کے مطابق حکومت نے سبسڈی کا اعلان کردیا مگر یہ نہیں بتایا کہ پیٹرول پمپ اونرز کو یہ پیسے کیسے واپس ملیں گے؟ واضح رہے کہ حکومت نے موٹر سائیکل اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے لیے فی لیٹر فیول پر 100 روپے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمٰن کاحنا پرویز بٹ اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

''ایکسپورٹ ڈاکومینٹیشن اور ایف بی آر ریگولیٹری ریکوائرمنٹس'' کے موضوع پر سیمینار منعقد

لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے سیمینار کی صدارت کی جبکہ چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے شرکت کی

اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل نے برآمدات بڑھانے کے لیے نئے شعبوں پر کام شروع کیا ہے

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ''ایکسپورٹ ڈاکومینٹیشن اور ایف بی آر ریگولیٹری ریکوائرمنٹس'' کے موضوع پر سیمینار منعقد ہوا، جس کا مقصد کاروباری برادری کو ریگولیٹری طریقہ کار، ضروری دستاویزات، ٹیکس سے متعلق تقاضوں اور سرکاری اداروں کے سہولت کاری کے کردار سے آگاہ کرنا تھا۔ لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے سیمینار کی صدارت کی جبکہ چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے شرکت کی۔ ایگزیکٹو کمیٹی ممبران فردوس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

شوگر ملز ایسوسی ایشن نے 2 لاکھ ٹن چینی برآمد کے حکومتی فیصلے کو مسترد کردیا

حکومت فوری طور پر 10 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دے' چیئرمین ذکاء اشرف

شوگر انڈسٹری ملک میں ایک سو پچاس دن کی کرشنگ کی بنیاد پر سالانہ پندرہ ملین میٹرک ٹن چینی پیدا کرسکتی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ذکاء اشرف نے حکومت کے 2 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کے فیصلے کو ناکافی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت فوری طور پر 10 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دے ورنہ آئندہ کرشنگ سیزن تاخیر سے شروع ہونے کا خدشہ ہے، مسلسل چینی کی برآمدات سے 4 ارب امریکی ڈالر کمائے جاسکتے ہیں، آئی ایم ایف مسلسل کہہ رہا ہے کہ شوگر انڈسٹری کو فوری ڈی ریگولیٹ کیا جائے لیکن ہر فورم پر شوگر مافیا ہی چور کہا جاتا ہے۔ دیگر عہدیداروں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیئرمین ذکاء اشرف نے کہا کہ شوگر انڈسٹری اس وقت حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے شدید مشکلات کا شکار ہے، حکومت برآمدات کے حوالے سے فیصلے میں مسلسل تاخیر کررہی ہے جس کا نقصان ہوگا، ملک میں کرشنگ سیزن 27-2026 کے آغاز پر 12 لاکھ ٹن سر پلس چینی موجود ہوگی جس میں سے فوری طور پر 10 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دی جائے۔ حکومت شوگر سیکٹر کو مکمل طور پر ڈی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

پنجاب، آزاد کشمیر میں سماجی بہبود کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

آزاد کشمیر کے وفد کو دھی رانی، ہمت کارڈ اور معاون آلات پروگرامز پر بریفنگ، افسران و عملے کی تربیت میں تعاون کی پیشکش

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم سے سوشل ویلفیئر اینڈ ریلیجس افیئرز ڈیپارٹمنٹ آزاد جموں و کشمیر کے وفد نے سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ ریلیجس افیئرز تہذیب فاطمہ کی قیادت میں ملاقات کی۔ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آزاد جموں و کشمیر عبدالواحد خان، یونیسیف کوآرڈینیٹر شاہد محمود قریشی اور پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ سوشل ورک کے پروفیسر ڈاکٹر محمد ارشد عباسی بھی وفد کے ہمراہ موجود تھے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے افسران نے وفد کا استقبال کیا اور محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے مختلف پروگرامز، اقدامات اور ورکنگ کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وفد کو خصوصی طور پر وزیر اعلیٰ پنجاب کے اقدامات، دھی رانی پروگرام، معاون آلات و وہیل چیئرز پروگرام اور ہمت کارڈ پروگرام کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ان پروگرامز کے طریق کار، اہلیت، عملدرآمد اور مستحق افراد کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

13 دنوں میں کرپشن پر پنجاب پولیس کے 791 افسران و اہلکاروں کے خلاف ایکشن

78 اہلکار نوکری سے برخاست، 60 معطل، 230 لائن حاضر، 79 کے ریمک میں تنزلی اور گرفتاریاں، 274 کیخلاف انکوائری جاری

کرپشن اور کرپٹ عناصر کی پنجاب میں کوئی جگہ نہیں، وزیر اعلیٰ مریم نواز کا مشن صوبے کو کرپشن سے پاک کرنا ہے' وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر کرپشن اور کرپٹ سرکاری ملازمین کے خلاف ایکشن جاری ہے، پنجاب کے سرکاری اداروں اور پنجاب پولیس میں کرپٹ اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ 13 دنوں میں پنجاب پولیس کے 791 افسران اور اہلکاروں کے خلاف کرپشن پر سخت ایکشن لیا گیا ہے۔ پنجاب پولیس کے 78 اہلکاروں کو نوکری سے برخاست جبکہ 60 اہلکاروں کو کرپشن پر معطل کیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

ٹیکس نظام میں تبدیلی، ٹیئر ون ریٹیلرز کیلئے نئے اصول متعارف

ٹیئر ون ریٹیلر کی تعریف میں ڈیبٹ، کریڈٹ کارڈ اور دیگر ڈیجیٹل ادائیگیوں سے متعلق سابقہ شق ختم کردی گئی

نئے قانون کے مطابق 20 کروڑ روپے سے زائد ٹرن اوور رکھنے والے ریٹیلرز ٹیئر ون کیٹیگری میں شامل ہوں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس نظام میں تبدیلی، ٹیئر ون ریٹیلرز کیلئے نئے اصول متعارف کرادیا۔ ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ کی سہولت رکھنے والا ہر دکاندار ٹیئر ون ریٹیلر نہیں ہوگا، ٹیئر ون ریٹیلر کی کیٹیگری کیلئے کاروبار کے حجم اور ٹرن اوور کو اہم بنیاد بنا دیا گیا ہے۔ نئے قانون کے مطابق 20 کروڑ روپے سے زائد ٹرن اوور رکھنے والے ریٹیلرز ٹیئر ون کیٹیگری میں شامل ہوں گے، جبکہ ہول سیل کم ریٹیل کاروبار کرنے والوں کیلئے بھی 20 کروڑ روپے سے زائد ٹرن اوور کی شرط مقرر کی گئی ہے۔ اشیاء درآمد کرکے ہول سیل یا ریٹیل فروخت کرنے والے کاروبار بھی ٹیئر ون کیٹیگری میں شامل ہوں گے۔ صرف پی او ایس مشین یا کارڈ سے ادائیگی اب ٹیئر ون میں شامل ہونے کی وجہ نہیں ہوگی۔ نئے قانون کے تحت چھوٹے دکانداروں کو ڈیجیٹل ادائیگی کی سہولت رکھنے کے باوجود ٹیئر ون کیٹیگری سے باہر رہنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

سوشل میڈیا پر ریاستی اداروں کیخلاف گمراہ کن معلومات پھیلانے والا ملزم گرفتار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سوشل میڈیا پر ریاستی اداروں کے خلاف گمراہ کن معلومات پھیلانے والے ملزم سرور عارف کو گرفتار کرلیا گیا۔ نیشنل سائبر کرائمز انویسٹیگیشن ایجنسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، وفاقی وزیر مواصلات کی مکہ ریجن کی طرف ڈرون حملے کی کوشش کی مذمت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات اور استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے مکہ ریجن کی طرف ڈرون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ 20 ستمبر کو منعقد ہوگا

وزارت صحت اور پی ایم اینڈ ڈی سی امتحانی عمل کی نگرانی اور مانیٹرنگ کی ذمہ داری پوری کریں گے، مصطفیٰ کمال

گزشتہ برس ایم ڈی کیٹ کے حوالے سے ایک بھی شکایت سامنے نہیں آئی تھی

ریاض، سعودی عرب میں ایک بین الاقوامی مرکز بھی قائم کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ رواں سال میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ (MDCAT 20) ستمبر 2026 کو ملک بھر میں منعقد ہوگا، وزارت صحت اور پی ایم اینڈ ڈی سی امتحانی عمل کی نگرانی اور مانیٹرنگ کی ذمہ داری پوری کریں گے۔ بدھ کو پریس کانفرنس میں انہوں نے بتایا کہ رواں سال ایم ڈی کیٹ کیلئے ملک بھر میں 34 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں جبکہ ریاض، سعودی عرب میں ایک بین الاقوامی مرکز بھی قائم کیا گیا ہے، مجموعی طور پر ایک لاکھ 38 ہزار 160 امیدواروں نے امتحان کے لیے رجسٹریشن کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برس ایم ڈی کیٹ کے حوالے سے ایک بھی شکایت سامنے نہیں آئی تھی، رواں سال امتحانی عمل کو مزید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

پٹرولیم لیوی کا خاتمہ چاہیے خیرات نہیں، حکومت ہمارے مطالبات کو تسلیم کرے، حافظ نعیم الرحمٰن

سود کی لعنت کو ختم کیا جائے، سود کا نظام معیشت کو تباہ کرنے کا باعث ہے جب کہ سود کے خاتمے سے معاشی سرگرمیاں بڑھیں گی اور صنعتیں چلیں گی

اگر لیوی اور بھتہ ختم نہ کیا گیا تو تحریک حکومت کے گھیراؤ تک پہنچ جائے گی، وہ کل کراچی میں ہی موجود ہوں گے جہاں تاریخی جلسہ ہوگا

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خاتمے تک احتجاج جاری رہے گا۔ شہر قائد میں دھرنے کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

لاہور: کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف داتا گنج بخش ٹاؤن میں انسداد ڈینگی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہے ہیں

حیدرآباد، فورٹ پولیس کا منشیات فروش سے مبینہ مقابلہ، ایک ملزم ہلاک

حیدرآباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فورٹ پولیس کا مبینہ طور پر منشیات فروش سے مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزم کے قبضے سے 4 کلوگرام کرسٹل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی پولیس کا سرچ آپریشن، 7 غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندے گرفتار

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس نے رتہ امرال کے علاقے میں سرچ آپریشن کرتے ہوئے 7 غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار افغان باشندوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر تبدیلی کا فیصلہ ناقابل قبول ہے، ملک شہزاد اعوان

کراچی (بیورو رپورٹ) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ کرنے پر کرائے بڑھانے کا عندیہ دیتے ہوئے دوبارہ ملک گیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

سندھ ہائیکورٹ نے بی آر ٹی یلو لائن منصوبے میں مبینہ کرپشن کے ملزم کی ضمانت منظور کرلی

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائیکورٹ نے بی آر ٹی یلو لائن منصوبے میں مبینہ کرپشن کے ملزم کی ضمانت منظور کرلی۔ سندھ ہائیکورٹ میں بی آر ٹی یلو لائن منصوبے میں ساڑھے 8 ارب روپے کی کرپشن کے کیس کی سماعت ہوئی جہاں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ لاہور کے حوالے سے اہم اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

پلاٹ منسوخی کیس: عدالت کی چیئرمین سی ڈی اے کو معاملہ حل کرنے کی ہدایت

چیئرمین سی ڈی اے کو ذاتی حیثیت میں بلایا گیا تھا اور وہ نہیں آئے، جسٹس انعام امین منہاس

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس انعام امین منہاس کی عدالت نے سی ڈی اے کی جانب سے 60 سال بعد پلاٹ الاٹ کرکے منسوخ کرنے سے متعلق کیس میں چیئرمین سی ڈی اے کو معاملہ حل کرنے کی ہدایت کر دی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں بزرگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

وزیر بلدیات کی زیر صدارت اجلاس، شہروں کی ترقی کیلئے جاری پروگرامز کا جائزہ

ہر شہر کی ضرورت سمجھنے کیلئے متعلقہ منتخب نمائندوں سے بھی مشاورت کی جائے' ذیشان رفیق

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایک اجلاس کے دوران پنجاب کے شہروں کی ترقی کیلئے جاری مختلف پروگرامز کا جائزہ لیا گیا ہے۔ سپیشل سیکرٹریز شاہد زمان لک، سید موسیٰ رضا اور ایڈیشنل سیکرٹری مہرین فہیم عباسی نے بھی شرکت کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

کام نہ کرنے والا پراسیکیوٹر نوکری میں نہیں رہے گا' عرفان صادق تارڑ

ضلع کچہری کا اچانک دورہ، بروقت چالان پیش نہ کرنے پر متعلقہ پراسیکیوٹرز سے ناراضی، غفلت پر بلاامتیاز کارروائی کی ہدایت

دورے کے دوران پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے پراسیکیوشن افسران، سٹاف کی حاضری، ڈسپلن اور کارکردگی کا موقع پر جائزہ لیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پراسیکیوٹر جنرل پنجاب چودھری عرفان صادق تارڑ نے پراسیکیوشن کے نظام میں بہتری، افسران کی کارکردگی اور مقدمات کی موثر پیروی یقینی بنانے کے لیے ضلع کچہری لاہور کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے پراسیکیوشن افسران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

خلع، نان نفقہ اور جہیز کے دعوے علاقائی دائرہ اختیار کی بنیاد خارج نہیں ہوسکتے، ہائیکورٹ لاہور

خاتون کی عام رہائش مستقل پتے کی پابند نہیں، تمام شواہد کا مجموعی جائزہ لینا ضروری ہے، لاہور ہائی کورٹ

فیصلے میں مزید قرار دیا گیا کہ خلع کے ساتھ نان نفقہ اور جہیز کے دعوے بھی ایک ہی مقدمے میں شامل کیے جاسکتے ہیں

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے خلع، نان نفقہ اور جہیز کے مالی حقوق سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ خاتون کا مقدمہ صرف علاقائی دائرہ اختیار کے اعتراض کی بنیاد پر ختم نہیں کیا جاسکتا، عدالت نے اپیلٹ کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے فیملی کورٹ کا خاتون کے حق میں سنایا گیا فیصلہ بحال کردیا۔ جسٹس محمد ساجد محمود ہینتھی نے سائلہ شگفتہ بی بی کی درخواست منظور کرتے ہوئے گیارہ صفحات پر مشتمل تحریری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کے ساتھ 47 ویں مڈکیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کا گروپ فوٹو

47 ویں مڈکیریئر مینجمنٹ کورس کے 14 رکنی وفد کا سنٹرل پولیس آفس پشاور کا دورہ

وفد کو صوبے میں امن و امان کی صورتحال، انسداد دہشت گردی اور جدید پولیسنگ پر جامع بریفنگ دی گئی

سی ٹی ڈی کی استعدادِ کار، موبیلٹی، فائر پاور، سرویلنس، ٹیکنیکل صلاحیت اور آپریشنل انفراسٹرکچر میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے، وفد

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) 47 ویں مڈکیریئر مینجمنٹ کورس کے 14 رکنی وفد کا سنٹرل پولیس آفس پشاور کا دورہ۔ وفد کو صوبے میں امن و امان کی صورتحال، انسداد دہشت گردی اور جدید پولیسنگ پر جامع بریفنگ دی گئی۔ نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (NIPA) اسلام آباد کے ایک 14 رکنی وفد نے آج سنٹرل پولیس آفس پشاور خیبر پختونخواہ میں پولیسنگ سے متعلق بریفنگ میں شرکت کی۔ ڈی آئی جی آپریشنز خیبر پختونخوا شاکر حسین داؤڑ اور ڈی آئی جی آئی ٹی اعجاز احمد نے نقشوں اور چارٹوں کی مدد سے وفد کو خیبر پختونخوا میں جرائم اور دہشت گردی کے واقعات، پولیس رسپانس، سی ٹی ڈی کی استعدادِ کار، پولیس انفراسٹرکچر، فورینسک ٹیکنالوجی اور مستقبل کی حکمتِ عملی پر جامع بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ دہشت گردی کا خطرہ اب روایتی حملوں تک محدود نہیں، بلکہ جدید اسلحہ، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)